خالد اسحاق

اکتوبر ۲۰۱۱

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

# اکتوبر 2011 کے مؤثر عملیات نظرات کواکب

ناظر راٹھور

## راہنمائے عملیات میں دیا کوئی بھی نقش و عمل تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔

**غلط طرزِ عمل:** راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ قارئین کے لیے شائع کیے جاتے ہیں، ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

**اوقات:** ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کیلیے فرق ہوں گے۔ سو اس کا لحاظ رکھیں۔

**رجال الغیب:** عملیات میں خیال کیا جاتا ہے کہ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ سو جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (اسلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق-۷-۴۱-۲۲-۱۹ شمال مشرق-۶-۲۱-۲۸ شمال-۸- ۱۵-۲۳-۳۰ شمال مغرب-۵- ۱۳-۲۰ مغرب-۴-۱۲- ۱۹-۲۷ جنوب مغرب-۲-۱۰- ۱۷-۲۵ جنوب مشرق-۱-۹-۱۶-۲۴۔ تاہم یہ کوئی حتمی حکم نہیں۔ آپ کعبہ کی سمت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ میرے ذاتی خیال میں یہ زیادہ معتبر، موثر اور ایمان کے نزدیک ہے۔ مسلمانوں کا اصل روحانی قبلہ کعبۃ اللہ ہے۔

**حصار:** عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے، دائرہ بنالیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیرنے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

**صلوۃ حاجت:** عمل شروع کرنے سے قبل اور بعد میں دو رکعت صلوۃ حاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے صدق دل سے دعا کریں۔

**صدقہ:** نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ الگ دیں، ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ کا بندوبست نقش لکھنے سے قبل کریں۔ ایک دفعہ رجعت ہوجائے تو علاج مشکل ہوتا ہے اور کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔ گنجائش کے مطابق مرغ وغیرہ یا چاول یا اناج بطور صدقہ دے دیں۔

**سیاہی:** سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنالیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

**بخور:** سعد مقاصد کے لیے زعفران اور برادہ صندل کا بخور جلالیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال اور کالی مرچ کا بخور جلائیں۔

**لباس:** نقش لکھتے وقت کپڑے اور جو بھی دیگر لباس ہو، پاک صاف ہوں، لازم دھیان رکھیں۔

**چال:** نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اُصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔

**اثر نظر:** نظر بنانے والا کوکب رجعت یا کمزور حالت میں ہو تو نظر کا اثر قوی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے نظرات کے موثر ہونے یا نہ ہونے والا مضمون پڑھ لیں، کافی راہنمائی ملے گی۔

**اجازت:** راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کرنے کی مکمل اجازت ہے۔ تاہم یاد رکھیں، بے مقصد، تجرباتی، دوسرے افراد کے لیے اور با مقدار کثیر نقوش تیار کرنے سے رجعت ہو سکتی ہے۔

**مزید معلومات اور حصول علم کے لیے بانی ادارہ خالد اسحاق راٹھور کی عملیات کے موضوع پر شائع شدہ کتب جن کی تفصیل اس میگزین کے آخر میں دی گئی ہے کا مطالعہ کریں۔ خاص طور پر "اُصول و قواعد عملیات" ایک راہنما کتاب ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔**

## قانونی معاملات میں کامیابی

### مریخ تربیع مشتری

| . | ابتداءِ نظر | تکمیلِ نظر | اختتامِ نظر |
| --- | --- | --- | --- |
| تاریخ | 01-10-2011 | 03-10-2011 | 04-10-2011 |
| وقت | 23-46 | 10-22 | 20-55 |

دشمن پر غالب رہنے اور قانونی معاملات میں فتح حاصل کرنے کے لیے یہ عمل استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ دشمن چاہے عام آدمی ہو یا صاحبِ حیثیت دونوں ہی خطرناک ہوتے ہیں۔ مگر اِس تحریر کیے جا رہے عمل کے استعمال کے بعد دشمن کوئی بھی ہو کامیابی آپ کی ہی ہوگی۔ قانونی معاملات چاہے لڑائی جھگڑے سے متعلق ہو یا لین دین کا تنازعہ۔ فیصلے کا نتیجہ آپ کے حق میں ہی ہوگا۔

جس پر فتح مطلوب ہو خاکی نقش شروع میں دی گئی ہدایات پر عمل کر کے تیار کرتے ہوئے اُس کی زمین میں دفنا دیں۔ آتشی نقش کو کیس کی شنوائی سے ایک رات پہلے کسی سالوں پرانی ویران حویلی یا گھر میں جلائیں۔

خاکی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۶۰ | ۴۷۴ | ۴۷۱ | ۴۶۷ |
| ۴۷۲ | ۴۶۶ | ۴۶۱ | ۴۷۳ |
| ۴۶۵ | ۴۶۹ | ۴۷۶ | ۴۶۲ |
| ۴۷۵ | ۴۶۳ | ۴۶۴ | ۴۷۰ |

یااللہ یااللہ

آتشی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۶۷ | ۴۷۱ | ۴۷۴ | ۴۶۰ |
| ۴۷۳ | ۴۶۱ | ۴۶۶ | ۴۷۲ |
| ۴۶۲ | ۴۷۶ | ۴۶۹ | ۴۶۵ |
| ۴۷۰ | ۴۶۴ | ۴۶۳ | ۴۷۵ |

یااللہ یااللہ

# گھر قابض لوگوں سے خالی کروانا

## عطارد قران زحل

| اختتام نظر | تکمیل نظر | ابتداء نظر | |
|---|---|---|---|
| 07-10-2011 | 07-10-2011 | 06-10-2011 | تاریخ |
| 18-32 | 03-02 | 11-37 | وقت |

اگر آپ کے گھر پر غیر قانونی طور پر لوگ قابض ہیں اور کسی طریقے سے بھی آپ گھر خالی نہیں کروا پا رہے تو اِس عمل کا استعمال کریں۔ انشاء اللہ آپ کو آپ کا گھر واپس مل جائے گا۔

آبی نقش تعداد میں دو تیار کریں۔ ایک کو دریا میں بہا دیں اور دوسرے کو پانی میں حل کر کے جہاں لوگ قابض ہیں اُس گھر کے اطراف میں چھڑکیں۔

بادی نقش کو اُس گھر سے دور کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں۔ جلد ہی قابض لوگ آپ کے گھر خالی کر دیں گے اور آپ کی مشکلات حل ہو جائیں گی۔

آبی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۸ | ۲۳۴ | ۲۴۱ | ۲۴۴ |
| ۲۴۰ | ۲۴۵ | ۲۴۷ | ۲۳۵ |
| ۲۴۲ | ۲۳۹ | ۲۳۶ | ۲۵۰ |
| ۲۳۷ | ۲۴۹ | ۲۴۳ | ۲۳۸ |

یااللہ یااللہ

بادی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۴ | ۲۴۱ | ۲۳۴ | ۲۴۸ |
| ۲۳۵ | ۲۴۷ | ۲۴۵ | ۲۴۰ |
| ۲۵۰ | ۲۳۶ | ۲۳۹ | ۲۴۲ |
| ۲۳۸ | ۲۴۳ | ۲۴۹ | ۲۳۷ |

یااللہ یااللہ

# زوجین میں محبت پیدا کرنا

## زہرہ تسدیس پلوٹو

| اختتام نظر | تکمیل نظر | ابتداء نظر | |
|---|---|---|---|
| 14-10-2011 | 13-10-2011 | 12-10-2011 | تاریخ |
| 08-11 | 12-40 | 17-09 | وقت |

زوجین میں محبت اور خلوص پیدا کرنے کے لیے راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے خاص طور پر عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔ اگر زوجین میں ہر وقت ناچاقی رہتی ہے اور معمولی باتوں پر گھریلو ماحول خراب رہتا ہے تو اِس عمل سے استفادہ ضرور اٹھائیں۔

بادی نقش کو میاں بیوی دونوں کے استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر گھر میں موجود درخت کے ساتھ باندھ دیں۔ بجائے اس کے کہ آپ کی چھوٹی ناچاقی بڑی پریشانی کا باعث بنے اُس سے پہلے ہی اِس عمل کو استعمال میں لاتے ہوئے زوجین میں محبت پیدا کی جائے۔

بادی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۱۲ | ۳۰۹ | ۳۰۲ | ۳۱۶ |
| ۳۰۳ | ۳۱۵ | ۳۱۳ | ۳۰۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۱۰ | ۳۰۷ | ۳۰۴ | ۳۱۸ |
| ۳۰۵ | ۳۱۷ | ۳۱۱ | ۳۰۶ |

یااللہ یااللہ

# مالی نقصان پہنچانا

## عطارد مقابلہ مشتری

| | ابتداءنظر | تکمیل نظر | اختتام نظر |
|---|---|---|---|
| تاریخ | 17-10-2011 | 17-10-2011 | 18-10-2011 |
| وقت | 09-36 | 23-56 | 14-18 |

دشمن کو مالی طور پر کمزور کرنے سے وہ خود کو مکمل طور پر بے بس اور کمزور سمجھنے لگتا ہے۔ خاص طور پر جب وہ دولت کا پجاری ہو اور اُسی کی بنیاد پر دوسروں پر ظلم ڈھا رہا ہو۔

اس عمل کے استعمال سے دشمن کو مالی معاملات میں تنگی کا سامنا ہوگا اور ہر ڈیل نقصان کا باعث ثابت ہوگی۔ آتشی نقش کو دیے گئے اوقات اور ہدایات کے مطابق تعداد میں دو تیار کریں۔ ایک نقش کو دشمن کے گھر کے پاس کسی سوکھی لکڑی کے ساتھ جلائیں اور راکھ کام کرنے کی جگہ کے گرد بکھیر دیں۔ دوسرے نقش کو اگلی رات کسی بیابان جگہ پر جلائیں اور راکھ بنجر زمین میں دفنا دیں۔

خاکی نقش کو جس پر عمل مطلوب ہو کی زمین و جائیداد کے احاطے میں دفنا دیں۔

**آتشی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

**نقش**

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۹۱ | ۹۰۴ | ۹۰۱ | ۸۹۸ |
| ۹۰۲ | ۸۹۷ | ۸۹۲ | ۹۰۳ |
| ۸۹۶ | ۸۹۹ | ۹۰۶ | ۸۹۳ |
| ۹۰۵ | ۸۹۴ | ۸۹۵ | ۹۰۰ |

یااللہ یااللہ

**خاکی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

**نقش**

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۹۸ | ۹۰۱ | ۹۰۴ | ۸۹۱ |
| ۹۰۳ | ۸۹۲ | ۸۹۷ | ۹۰۲ |
| ۸۹۳ | ۹۰۶ | ۸۹۹ | ۸۹۶ |
| ۹۰۰ | ۸۹۵ | ۸۹۴ | ۹۰۵ |

یااللہ یااللہ

# بہن بھائیوں میں ناچاکی دور کرنا

## مریخ تسدیس زحل

| | ابتداءنظر | تکمیل نظر | اختتام نظر |
|---|---|---|---|
| تاریخ | 24-10-2011 | 26-10-2011 | 28-10-2011 |
| وقت | 06-28 | 14-38 | 23-29 |

بہن بھائیوں میں صلح کروانے اور اتفاق سے رہنے کے لیے خاص طور پر راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے یہ عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

آبی نقش پانی میں حل کر کے سب کو پلا دیں اور بادی نقش کو گھر میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ جلد حصول مقصد ہوگا۔ سب مل جل کر خوشی سے رہنے لگیں اور رنجشیں کم ہونے لگیں گی۔

مزید راہنمائی کے لیے راٹھور پبلشرز کی کتاب ''اُصول وقوائد عملیات'' کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

**آبی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

**نقش**

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۲ | ۵۴۸ | ۵۴۱ | ۵۵۵ |
| ۵۴۲ | ۵۵۴ | ۵۵۳ | ۵۴۷ |
| ۵۵۷ | ۵۴۳ | ۵۴۶ | ۵۵۰ |
| ۵۴۵ | ۵۵۱ | ۵۵۶ | ۵۴۴ |

یااللہ یااللہ

**بادی چال**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

**نقش**

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۵ | ۵۴۱ | ۵۴۸ | ۵۵۲ |
| ۵۴۷ | ۵۵۳ | ۵۵۴ | ۵۴۲ |
| ۵۵۰ | ۵۴۶ | ۵۴۳ | ۵۵۷ |
| ۵۴۴ | ۵۵۶ | ۵۵۱ | ۵۴۵ |

یااللہ یااللہ

تحقیق وتحریر: خالد اسحاق راٹھور

# شرف زحل



شرف زحل کے حوالے سے یہ مضمون تین بڑے حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ عملیاتی اعمال، دوسرا حصہ زحلی طلسمات اور تیسرا اور آخری حصہ زحل کی انگوٹھیوں کے بیان پر مشتمل ہے۔ ہر جگہ متعلقہ نقش وطلسم کی مکمل وضاحت کردی گئی ہے تاکہ جو خواتین و حضرات اپنے لیے یا اپنے بچوں، دوستوں یا دیگر دوست احباب یا اپنے سائلین یا مریدوں یا چاہنے والوں کے لیے تیار کرنا چاہئیں تو با آسانی کر سکیں۔

## نقوش والواح زحل

| قسم نقش | صفحہ نمبر |
|---|---|
| خصوصی نقش شرف زحل | 12 |
| لوح دفع رجعت ونحوست زحل | 14 |
| جواہراتی لوح (نیلم) | 14 |
| سہ جہتی طلسم | 16 |
| نقش زحل نورانی | 17 |
| عمل خاص حروف نورانی | 19 |

## طلسمات زحل

| قسم طلسم | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ہفت سلیمانی طلسمات (7 عدد) | 23 |
| طلسم سلیمان خاص | 26 |
| 2500 سالہ قدیم طلسم | 26 |
| طلسماتی لاکٹ (ڈبل سائیڈ) | 27 |
| عددی طلسم | 27 |

## انگوٹھیاں زحل

| قسم طلسم | صفحہ نمبر |
|---|---|
| انگوٹھی نیلم | 27 |
| انگوٹھی زحل | 27 |

پچھلے سالوں میں شرف مشتری کا کافی نام رہا ہے بہت سے لوگوں نے اس سعد اور طاقت ور وقت سے خود بھی فائدہ اٹھایا اور دوسروں کو بھی پہنچایا۔ سال رواں شرف زحل کا وقت ہے۔ زحل برج میزان میں ہے اور اس برج میں یہ حالتِ شرف میں ہوتا ہے۔ علم النجوم سے واقف تو اس کے اس پُر سعادت سفر میں کئی ایک مواقع سے مستفید ہو سکتا ہے۔ تاہم ہر فرد کے لیے از خود اس سے فائدہ اٹھانا آسان نہیں۔ زحل عین درجہ شرف پر 12 اکتوبر دوپہر 04-02 تا 20 اکتوبر رات 43-06 تک رہے گا اور ہمارے اس مضمون کا مقصد یہ ہے کہ ہر فرد اس حوالے سے قبل از وقت تیاری کر لے اور اس موقع سے فائدہ اٹھائے۔

اس حوالے سے ایک بہت اہم بات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں۔

بلحاظ طاقت شرف زحل کے سفر کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

-- پہلا حصہ...... برج میزان میں داخلہ سے لے کر درجہ شرف پر پہنچنے کا ہے۔

-- دوسرا حصہ....... برج میزان میں درجہ شرف پر داخلہ سے لے کر درجہ شرف سے خروج کے دورانیہ پر مشتمل ہے۔

-- تیسرا حصہ...... درجہ شرف سے خروج سے لے کر برج میزان سے برج عقرب کے داخلے کے وقت تک پر مشتمل ہے۔

یہ تو ہوئے تین مقامات تفکر۔ کہنے کو تو برج میزان کے تمام دورانیے میں ہم کہتے ہیں کہ زحل شرفی برج میں ہے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا تمام سال کے دوران بنائے گئے عملیات شرف زحل ایک جیسے اثر کے حامل ہوں گے یا نہیں؟

## شرف زحل کے حوالے سے نقوش، الواح اور طلسمات وغیرہ بنانے کے حوالے سے ایک راہنما تحریر

اس کا جواب بظاہر سادہ لیکن حقیقت میں توجہ طلب اور قابل غور و تفکر ہے۔ زحل جب صفر درجہ میزان سے درجہ شرف تک کا سفر کرے گا تو عمومی طور پر ہر گزرتے درجے میں اس کی طاقت میں شرفی حوالے سے اضافہ ہوگا۔ یعنی جوں جوں یہ شرفی درجات پر پہنچے گا توں توں یہ طاقت کے غیر معمولی زور کو لیے ہوگا۔ یہ اُصول صرف زحل کے لیے ہی نہیں ہے۔ دیگر تمام کواکب کے حوالے سے بھی یہی اُصول کارفرما ہوگا۔

عام طور پر کتب و رسائل میں شرف مشتری یا شرف زحل کے عنوان سے مضمون تحریر کیا جاتا ہے اور متفرق معلومات فراہم کی جاتی ہیں لیکن ایک بات پھر اپنی جگہ رہ جاتی ہے کہ کوئی بھی کوکب بشمول زحل اس عرصے میں درجہ شرف پر ہوتا ہے کیا اس تمام عرصے میں سے کیا اس کی موثریت و طاقت ایک جیسی ہوتی ہے یا اس میں فرق ہوتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ درجہ شرف پر جتنا عرصہ ایک کوکب رہتا ہے اس تمام عرصے میں اس کی طاقت ایک سی نہیں ہوتی بلکہ تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ اس موضوع پر آگے چل کر بحث ہو گی فی الحال پچھلے موضوع کی طرف چلتے ہیں۔

پہلے حصہ یا عرصے کی بات ہوگئی۔ اب آتا ہے ذکر دوسرے حصے یا عرصے کا۔ عمومی طور پر کسی بھی کوکب کے لیے متعلقہ برج میں اس کا درجہ شرف طاقت ور ترین حالت ہوتی ہے۔ اس لیے عام طور پر عملیات، نقوش اور الواح وغیرہ کی تیاری کے لیے اس کی سمت اشارہ کیا جاتا ہے اور اس اشارے کے پیچھے یہ طاقت یا اُصول کارفرما ہوتا ہے کہ یہ طاقت ور ترین حالت ہے اور بلاخوف وخطر کوئی بھی عمل تیار کیا جاسکتا ہے۔

اب باقی رہا تیسرا حصہ تو یہ اُس عروج کے خاتمے یا اختتام کا عرصہ ہے جو زحل نے اس برج میں حاصل کیا تھا۔ یہ وقت اُس عزت، مرتبہ، پوزیشن، طاقت اور احترام کے اختتامی دن ہیں جو ہر گزرتے لمحے کے ساتھ زحل کی اس شرفی برج میں پوزیشن میں کمزوری کا باعث بنتے ہیں۔ اس ساری بحث سے چند اہم نتائج کا حصول ہوتا ہے۔

اول: عملیات ونقوش کی تیاری کے لیے مندرجہ بالا بحث کا پہلا دورانیہ جو شرفی درجات کے قریب ہے وہ بھی استعمال ہوسکتا ہے۔

دوم: کسی بھی کوکب کے درجہ شرف کو اعمال ونقوش کی تیاری میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سوم: تاہم درجہ شرف کے بعد کا عرصہ شرفی طاقت میں دن بدن واقع ہونے والی نمایاں کمزوری کے باعث زیادہ قابل غور نہیں رہتا۔ اور ماسوائے خصوصی مہارت جو عامل کو عملیات اور نجوم میں ہو۔ یہ عرصہ کام کرنے میں مشکل ترین ہے اور عموماً جزوی علم کا حامل ہونے کی بناء پر محنت اور روپیہ ضائع ہوتا ہے۔

چہارم: بعض لوگ یا عامل یا نجومی نظرات کواکب یا زائچہ کی کسی خاص حالت میں تیار کردہ عمل کو کواکب کے شرفی عمل کے برابر بیان کرتے ہیں۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ دو کواکب کی باہمی نظرات یا خاص حالتوں میں تیار کردہ عمل کسی بھی صورت شرفی عمل یا اس کا بدل نہیں ہوسکتا۔ حالت شرف اپنے اندر ایک خاص خالص حالت ہے اور کسی بھی کوکب کی انفرادی خصوصیات کے تحت وجود میں آتی ہے۔ جبکہ نظرات کواکب میں ایک کوکب نہیں بلکہ دو کواکب کے اثرات اکٹھے ہوجاتے ہیں اور یوں جو خالص شرفی اثر ہے یہ نظراتی وقت اس کا مظہر نہیں ہوسکتا۔

خیال رہے یہ جو آپ نے اوپر پڑھا یہ ایک اُصول ہے جو صرف زحل کے حوالے سے ہی نہیں بلکہ ہر کوکب کے حوالے سے موثر ہے۔ سو جو عملیات شرف وہبوط میں دلچسپی رکھتے ہیں اور اس میدان میں کامیابی کے خواہش مند ہیں وہ اس مضمون کو دماغ کے سب سے تیز رفتار اور معتبر حصے میں ہمیشہ کے لیے محفوظ کرلیں۔

ایک اور بات جو پچھلی سطور میں آئی اس پر بھی چند الفاظ تحریر کیے دیتا ہوں۔ موضوع یہ تھا کہ کیا کوئی کوکب درجہ شرف پر سفر کرتے ہوئے ایک جیسی طاقت کا حامل ہوتا ہے یا اس کی طاقت کا توازن وقت کے ساتھ تبدیل ہوتا رہتا ہے؟

یہ ایک ایسی بات ہے جس پر آپ میرے ساتھ چلتے ہوئے جتنا غور کریں گے اتنا لطف بھی آپ کو حاصل ہوگا اور حصول علم تو ہمارا مقصد ہے ہی۔

کسی بھی کوکب کی بات ہو درجہ شرف سے مراد ایک وہ خاص درجہ ہوتا ہے جس پر کسی بھی کوکب کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ تاہم درجہ شرف پر سفر کا دورانیہ ہر کوکب کا مختلف ہوتا ہے اور متعلقہ کوکب کے رفتار سے تناسب لیے ہوئے ہوتا ہے۔

قمر سب سے تیز رفتار ہے سو اس کا درجہ شرف پر سفر بھی مختصر ہوتا ہے

جبکہ زحل سست رفتار ہے سو اس کا درجہ شرف پر سفر بھی طوالت لیے ہوتا ہے۔ سو بطور اُصول یاد رکھیں جیسے جیسے درجہ شرف پر کوکب کا سفر بڑھے گا اس کی طاقت میں کمی بیشی کا امکان اتنا ہی زیادہ اور واضح ہوگا۔

کواکب کی شرفی طاقت دو بنیادی طریقوں سے ہوتی ہے۔

اول: ذاتی عوامل کی بناء پر۔

دوم: دیگر کواکبی عوامل کی بنا پر۔

ذاتی طور پر اتنا زیادہ غیر متوقع امر سامنے نہیں آتا جو صورت حال کو یکسر تبدیل کر دے۔ لیکن غیر ذاتی طور پر یعنی دیگر عوامل کی بناء پر کوکب کی شرفی حالت میں کمی بیشی ممکن ہوتی ہے۔ غیر ذاتی عوامل یا دیگر عوامل سے مراد دیگر کواکب کی نظرات، اِن کی برجی و نشستی حالت، اِن کا شرف ہبوط، رجعت استقامت وغیرہ وغیرہ مراد ہے۔

اب ایک بات کی اور وضاحت کر دوں۔ کسی بھی کوکب کی شرفی حالت بالذات ایک طاقت ور ترین حالت ہے۔ جس کے بالعکس ہبوط کمزور ترین حالت ہے۔ دیگر تمام حالتیں انفرادی طور پر اِس کی حالت میں بالعکس مثبت یا منفی حالت لانے کی طاقت نہیں رکھتیں۔ ہاں اِن میں کمی بیشی کا باعث ہوتی ہیں۔ یعنی کسی خاص حالت کی بناء پر کسی بھی کوکب کی شرفی یا ہبوطی طاقت میں کمی بیشی ہو سکتی ہے، ختم نہیں ہو سکتی ہے۔ ہاں یہ الگ بات ہے کہ کسی خاص زائچہ میں ایک سے زائد ایسی حالتیں ہوں جو شرفی یا ہبوطی حالت کے برعکس حالات پیدا کر دیں۔

ایک اہم اور خاص بات اس حوالے سے یہ ہے کہ صرف یہ کہہ دینا کہ یہ کوکب شرف میں ہے، ایک کوکب اس سے تسدیس یا تربیع بنا رہا ہے یہ یہاں ہے یہ وہاں ہے اور اس ساری بحث سے رزلٹ یہ نکلا کہ یہ کوکب زائچہ میں طاقتور ہے۔ یہ سب کچھ اپنی جگہ درست!!!

لیکن ایک بڑی بات اس میں رہ گئی اور وہ یہ ہے کہ ماہرین نے کواکب کی طاقت اور کمزوری ناپنے کے حسابی قواعد ہمیں دیئے ہیں۔ یہ قواعد طوالت کے حامل اور محنت طلب ہوتے ہیں۔ سو زیادہ تر اِن کو زیر بحث نہیں لایا جاتا اور ماہرین ذاتی تجربے اور نظر کی بنیاد پر کام کرتے ہیں۔

لیکن اگر آپ نے فیصلہ کن بات کرنی ہے تو ضروری ہے کہ ؛

--حساب اور وجدان کا ساتھ ہو۔

اس ساری بحث سے میرا مقصد کیا ہے؟ بالیقین آپ کو دو باتوں کے لیے تیار کیا جا رہا ہے۔

اول: کوکب کے شرف و ہبوط کی طاقت کے اُصولوں کو سمجھ سکیں۔

دوم: اور اگر آپ اِن سعد اوقات سے مستفید ہونا چاہیں تو اپنے لیے بہترین اوقات سے فائدہ اٹھا سکیں۔

کسی بھی کوکب کی زائچہ میں سعادت و نحوست کو ایک ماہر نجوم اپنی نظر سے دیکھ سکتا ہے۔ لیکن حسابی طاقت ایک الگ امر ہے۔ زائچے کی مجموعی صورت حال سے کوئی رزلٹ اخذ کرنا بھی اِسی طرح کوکب کی انفرادی حالت

# لوحِ شرفِ زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید ہے۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

سے الگ ہے۔ کوکب کی طاقت کو دیکھنا، ناپنا اور سمجھنا الگ ہے اور اس کے تحت اخذ ہونے والے احکام الگ ہیں۔ دونوں میں فرق ہے اوراس فرق کو ہر فرد کو سمجھنا چاہیے۔

عملیات کے حوالے سے میری کتاب ''اُصول و قواعد عملیات'' اور نجوم کے حوالے سے ''راہنمائے سِم نجوم'' حصہ اول اور دوم آپ کو بنیادی راہنمائی فراہم کرنے کا باعث ہوں گی۔

زائچہ کی عمومی سعادت و نحوست کے حوالے سے دلائل ابھی زیرِ بحث آئیں گے تاہم عملیاتی حوالے سے کچھ بات کر لی جائے۔

میدانِ عملیات میں نقوش والواح وغیرہ کی کئی اقسام ہیں۔ جن کی تیاری میں مختلف طریقہ کار استعمال ہوتے ہیں۔ سطور ذیل میں اس حوالے سے ایک جامع بحث کی کوشش کی جائے گی۔



## عمومی بمقابلہ ذاتی

سب سے پہلے ایک بڑی غلط فہمی دور کرنے کے لیے مندرجہ بالا عنوان کا انتخاب کیا ہے۔ عمومی اور ذاتی نقوش والواح میں فرق کیا ہوتا ہے۔

## عمومی نقش ولوح

اس سے مراد ایسی لوح یا نقش ہے جو اس طریقہ کار کی بنیاد پر بنائی جائے جس میں کسی خاص فرد یا ذات کو مدنظر نہ رکھا جائے۔ ہوتا یہ ہے کہ کواکب کی خاص حالتوں میں عامل حضرات متعدد نقوش والواح بناتے ہیں جو تمام ایک جیسے ہوتے ہیں اور جب ضرورت مند یا سائل اس حوالے سے کسی نقش یا لوح کا طالب ہوتا ہے تو وہ نقش یا لوح اس کو ضروری ہدایات کے ساتھ استعمال کروایا جاتا ہے۔ اس کو عمومی نقش یا لوح کہتے ہیں

## ذاتی نقش ولوح

اس سے مراد وہ نقش یا لوح ہے جس کی تیاری کے تمام تر مراحل میں کسی خاص فرد یا ذات کو مدنظر رکھا جائے۔ ذاتی نقش میں ہوتا یہ ہے کہ جس بھی آیت یا اسم الٰہی کے اعداد یا حروف یا تکسیر سے عمومی عمل تیار کیا جاتا ہے

اس میں اضافی طور پر نقش کو ذاتی رنگ دینے کے لیے متعلقہ فرد کا نام بمعہ نام والدہ کے شامل کیا جاتا ہے۔

بنیادی فرق اِن دونوں میں یہ ہوا کہ عمومی نقش کسی بھی فرد کو دیا جا سکتا ہے لیکن ذاتی نقش صرف اس فرد کے لیے موثر ہوتا ہے جس کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ کسی اور کو یہ نہ کوئی فائدہ اور نہ کوئی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ آگے جا کر اس کی عملی مثال بھی پیش کی جائے گی۔

## احتیاط

اب ہوتا کیا ہے؟ عام طور پر لوگ عمومی نقش تیار کر کے رکھ لیتے ہیں اور جب کوئی فرد طلب کرتا ہے یا وہ خود کسی کو دیتے ہیں تو اس کے نیچے اس فرد کا نام بمعہ نام والدہ تحریر کر دیتے ہیں۔ بعض لوگ اس کو پشت پر بھی نام درج کر

دیتے ہیں۔

اب حقیقت کیا ہے؟ دراصل ایسا نقش عمومی نقش سے بھی کم تر درجے کا حامل ہوتا ہے۔ جس کی وجہ اول تو میرے مطابق میں یہ ہوتی ہے کہ سائل کے ساتھ دھوکہ یا دھوکے کا عنصر شامل ہو جاتا ہے۔ چاہے عامل کی نیت دھوکے کی نہ بھی ہو لیکن اس کا یہ طرز عمل اس وجہ سے بھی نقش کو کم و بیش بے کار بنا دیتا ہے کہ کوئی بھی نقش کسی خاص وقت یا نظر کے تحت تیار ہوتا ہے۔ جب وہ خاص وقت ختم ہو گیا اور نشست اٹھالی گئی تو اب نقش میں اضافت یا کسی نوعیت کی تبدیلی اُس خاص وقت سے باہر کی گئی جو نقش بنانے کے لیے درکار تھا سو اس طرح یہ عمل نقش میں ایک قسم کا نقص بن گیا۔ جب دودھ میں غلاظت شامل ہو گئی تو دودھ نے تو اپنی اصل چھوڑ دی اب کوئی اس کو دودھ سمجھے تو سمجھے ہم کیا کر سکتے ہیں۔

## فوٹو کاپی

آج کل ایک بڑا رواج فوٹو کاپی کے تعویذوں کا بھی ہے۔ یہ طریقہ بالکل بے کار ہے اور اس پر مزید بات کرنا بھی فضول ہے۔

## ٹائپ پرنٹ

یہ کچھ اس طرح سے ہے کہ کمپیوٹر میں ٹائپ کر کے پرنٹر کے ذریعے کاپی نکال لی جاتی ہے اور جس کو نقش درکار ہوتا ہے۔ اس کا نام نقش کے نیچے ٹائپ کر دیتے ہیں اور سائل کو دے دیتے ہیں۔ یہ بھی غلط اور بے کار ہے۔

## پرنٹ

اِسی طرح پریس سے کتابی شکل میں پرنٹ کروا کر بھی نقوش دیئے جاتے ہیں جو کہ درست نہیں۔

## کالا رنگ/سیاہی

ایک اور چیز جو آج کل دیکھنے میں آتی ہے اور بہت عام ہے۔ وہ یہ ہے کہ تعویذ کالی سیاہی سے تحریر کیے ہوتے ہیں جو کہ غلط ہے۔ کسی بھی سعد مقصد کے لیے نقش لکھیں تو اس کو زعفران سے تحریر کرنا چاہیے۔ کالے رنگ کا استعمال موزوں نہیں ہے۔

## بال پوائنٹ

آج کل ایک اور بات جو عموماً دیکھنے میں آئی ہے وہ ہے بازار میں دستیاب بال پوائنٹ کا استعمال دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض عامل حضرات بال پوائنٹ سے پہننے والے نقش بھی تحریر کر دیتے ہیں۔ حالانکہ بال پوائنٹ میں جو سیاہی استعمال ہوتی ہے وہ پانی میں حل نہیں ہوتی اور اگر رگڑ رگڑ کر ایسا کر بھی لیا جائے تو یہ سیاہی مختلف قسم کے کیمیکل سے بنتی ہے جو صحت کے لیے بھی نقصان دہ ہوتے ہیں اور عملیاتی حوالے سے تو اِن کا استعمال کسی طور بھی مناسب نہیں۔ سو اس قسم کے تعویذ بھی درست نہیں۔

ایسے اور بھی کئی چھوٹے موٹے طریق ہیں جو استعمال کیا جاتے ہیں تاہم اصل طریق پر نہ ہونے کی وجہ سے اِن کو موزوں نہیں مانا جاتا۔

## خالد روحانی جنتری 2011

یہ تو کچھ خاص اور بنیادی بات ہوئی۔ اب آئیں کچھ آگے بڑھتے ہیں۔ اس حوالے سے آپ کی توجہ ''خالد روحانی جنتری 2011'' کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ اس میں دو خاص مضمون زحل کے حوالے سے دیئے گئے ہیں۔

--شرف زحل

--ساڑھ ستی کیا ہے؟

''شرف زحل'' کا مضمون خالد روحانی جنتری 2011 کے صفحہ نمبر 181 پر دیا گیا ہے۔ اس میں چار قسم کے اعمال دیئے گئے ہیں۔ سو اب ہماری بحث اِن کے اختلاف اور تیاری کے حوالے سے ہو گی۔ جیسا کہ پچھلی سطور میں تحریر کیا کہ عمل کی نوعیت کے مطابق اس کی تیاری میں فرق ہو سکتا ہے جس کو از خود سمجھنا ہر ایک کے لیے آسان نہیں ہوتا۔

کیوں کہ ہمارا بنیادی مقصد یہ ہے کہ اس موضوع پر اس قدر معلومات آپ کو فراہم کر دی جائیں تا کہ آپ اگر خود کوئی بھی عمل تیار کرنا چاہے تو کر سکے۔ اس لیے ہر بات کھول کھول کر اور واضح بیان کی جا رہی ہے اور کی جائے گی۔

اس مضمون میں سب سے پہلا عمل ایک روایتی طرز کار لیے ہوئے ہے۔ یہ عمل خالد روحانی جنتری میں ''لوح شرف واوج زحل'' کے نام سے دیا گیا ہے۔

زحل دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے اپنے شرفی برج میں داخل ہو چکا ہے۔ شرف و سعادت سے بھرا یہ نجومی و عملیاتی وقت 30 سال کے بعد آتا ہے۔ سو اس طاقت و روقت سے مستفید ہونا صاحب علم افراد کی شدید خواہش ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو زندگی میں خاص مقام اور کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں یا زحلی بداثرات سے تحفظ چاہتے ہیں وہ اس وقت سے فائدہ اٹھانے کی شدید خواہش رکھتے ہیں۔ کیونکہ شرف زحل 30 سال بعد آتا ہے، [illegible] عمل، نقش یا لوح بنوانے کا بار بار موقع نہیں ملتا۔ 30 سال تک کون جیتا ہے، اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

سطور ذیل میں بالترتیب اُن نقوش و الواح کو بیان کیا جا رہا ہے جو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' طویل عرصے سے تیار کر رہا ہے اور اِن کی موثریت مسلمہ امر ہے۔ راہنمائے عملیات کے ہر قاری کے لیے اِن الواح کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ اس سعد گھڑی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں یا پھر اِن نقوش و الواح کو خود تیار کر لیں اور اگر اُن کو عملیات کی سمجھ نہیں تو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' سے اِن الواح و نقوش کو حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

# لوح شرف و اوج زحل

زمانہ قدیم سے زائچے میں طاقت ور ترین عامل کی حیثیت رکھنے والا زحل جب حالت شرف یا اوج میں ہوتا ہے تو درج ذیل امورات میں موثر مانا جاتا ہے۔

## امورات شرف زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔ سیاست دانوں، پوزیشن مستحکم کرنے اور حصول عروج و کامیابی کاروبار میں ترقی اور مسائل کے خاتمے کے لیے یہ ایک غیر معمولی لوح ہے۔

☆☆☆☆

# خصوصی نقش شرف زحل

شرف یا اوج کسی بھی کوکب کا ہو، اثرات تو اس کے متعلقہ کوکب کے حوالے سے ہوتے ہیں لیکن اس کی موثریت اپنی جگہ اہم اور مستند خیال کی جاتی ہے۔ کوکب کا شرف یا اوج میں ہونا اس کے تحت تیار کردہ عملیات کو اثر انداز اور کامیاب بنا دیتا ہے۔ اس حوالے سے جو نقش تیار کیا جاتا ہے ذیل میں بمعہ چال دیا جا رہا ہے۔

چال زحل بادی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

## نقشِ زحل

یاباعث یا حکیم یا علی

یا اللہ یا واسع

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٥٦٢ | ٥٥٩ | ٥٥٢ | ٥٦٥ |
| ٥٥٣ | ٥٦٤ | ٥٦٣ | ٥٥٨ |
| ٥٦٧ | ٥٥٤ | ٥٥٧ | ٥٦٠ |
| ٥٥٦ | ٥٦١ | ٥٦٦ | ٥٥٥ |

وہ جوعملیات کی سمجھ رکھتے ہیں خود یہ نقش تیار کرلیں اور جوادارے سے طلب کرنا چاہئیں وہ ہدیہ ارسال کر کے اس نقش ولوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

دیکھیں نقش کی خصوصیات ،فوائد اور طریقہ کار کا ذکر آ گیا ہے۔اس بارے میں یہ سمجھ لیں کہ باوجود ایک روایتی عمل ہونے کے یہ وہ نقش ہے جس کو زحل کے حوالے سے باکثرت استعمال کرتا ہوں۔حقیقت پر مبنی بات یہ ہے کہ یہ نقش اپنے اثرات میں انتہائی قوی اور زود اثر ہے۔اس نقش کو بمطابق چال کوئی بھی فرد اپنے لیے تیار کرسکتا ہے۔کیونکہ عملیات کا اصول ہے کہ ذاتی عمل ہر فرد خود تیار کرسکتا ہے۔تاہم کسی صاحب عمل سے اجازت لے لے تو اس کو زیادہ معتبر مانا جاتا ہے۔تاہم کسی دوسرے کو تیار کر کے دینا چاہیں تو اس کے لیے آپ کا خود عامل ہونا انسب خیال کیا جاتا ہے۔

یہ ایک عمومی نوعیت کا نقش ہے۔جس کو کوئی بھی فرد تیار کر کے استعمال کرسکتا ہے۔تاہم اگر اس کو ذاتی شکل دینا چاہئیں تو نقش کے اسماء الٰہی میں اپنے اور اپنی والدہ کے نام شامل کر کے حاصلہ اعداد کی مدد سے نقش بنا سکتے ہیں۔یہ اُس فرد کا ذاتی یا خصوصی نقش یا لوح ہوگی جس کا نام اس میں شامل کیا گیا ہے۔یہ نقش کسی اور کے لیے کام نہیں کرے گا۔

## اخراجات

عملیات کی تیاری میں جو مختلف مراحل آتے ہیں۔اِن میں بنیادی حساب سے شروع کر کے نقش یا لوح تحریر کرنا اور اس کو بخور دینا اور پڑھائی کرنا شامل ہیں۔عموماً نقش یا لوح کے اخراجات کے حوالے سے کافی مسئلہ رہتا ہے۔لوح آپ کاغذ پر بنائیں یا تانبے پر یا چاندی پر یا کسی اور دھات پر ماسوائے سونے کے کسی دھات کی قیمت لوح کی قیمت میں غیر معمولی اضافے کا باعث نہیں ہوتی۔ہاں اب چاندی بھی کافی مہنگی ہوگئی ہے اور خرچہ پر اثر انداز ہوتی ہے۔

لوح کی تیاری میں جو زیادہ خرچ آتا ہے وہ ہے بخور کا۔زمانے کے ساتھ ساتھ جہاں دیگر اخراجات اور مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے وہاں بخورات کی قیمتیں بھی آسمان پر چڑھ گئی ہیں۔ایک زمانے میں بخور کے لیے زعفران کو تولا یا ناپا نہیں کرتا تھا لیکن اب اس کا ریٹ اتنا ہے کہ اس کو اس احتیاط کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے کہ چند ریشے ضائع نہ ہو جائیں۔گو زعفران، عنبر اور مشک وغیرہ شروع سے ہی مہنگی اشیاء میں شامل تھیں لیکن اتنی بھی مہنگی نہ تھیں کہ کوئی اِن کو خرید نہ سکے بلکہ زعفران کو عنبر اور مشک کے مقابلے سستا خیال کیا جاتا تھا اور بکثرت استعمال ہوتا تھا تاہم اب حالت یہ ہے کہ زعفران کو بھی خریدنا آسان نہیں بلکہ درمیانی مالی حالت کا فرد اس کو خرید بھی نہیں سکتا۔گھٹیا ترین زعفران سے اعلیٰ درجے کے زعفران کا ریٹ بازار سے پتہ کرلیں یہ کم و بیش تین ہزار سے چھ سات ہزار تک ہے۔اب بتائیں اگر آپ انفرادی لوح تیار کرنا چاہئیں تو اس کا خرچہ برداشت کرنا کیا ممکن ہوگا؟ یہی وجہ ہے کہ ذاتی لوح اگر بخور کے ساتھ بنائی جائے تو اچھی خاصی مہنگی پڑتی ہے۔کیونکہ ذاتی

# شرف زحل کا موقع 30 سال بعد دوبارہ آئے گا

لوح کا یہ اُصول ہے اس کا تمام تر عمل انفرادی طور پر ہوتا ہے۔اس کو دیگر کسی اور لوح کے ساتھ ملا کر بخور نہیں دیا جاتا۔ہر ذاتی لوح کو الگ الگ بخور دیا جائے گا اور پڑھائی کا عمل بھی اس پر الگ کیا جائے گا۔ہاں اگر عمومی الواح یا نقوش اکٹھے بنائے جائیں تو اِن پر خرچ کم آتا ہے۔اس بنیادی خرچ کے علاوہ کسی بھی دھات پر لوح بنائیں، خرچہ کم وبیش ایک جیسا ہوتا ہے۔

شرف زحل کا ذکر آتا ہے تو اس کی سعادت ہمارے سامنے ہوتی ہے لیکن اس کی سعادت کو استعمال کس طرح کرنا ہے۔یہ بھی اپنی جگہ ایک اہم بات ہے۔سطور ذیل کا بنیادی مقصد ہی یہ ہے کہ درست راہ کا انتخاب کیا جاسکے۔

☆☆☆☆

# جواہراتی لوح (نیلم)

نیلم جواہرات و پتھروں کی دنیا کا ایک خاص اور الگ پتھر ہے۔اس کا استعمال بھی ایک حیرت انگیز تجربہ ثابت ہوتا ہے۔اس حوالے سے ایک تجربہ آپ کے سامنے لاتا ہوں، چاہیں تو اس پر عمل کر کے دیکھیں۔زبردست نتائج حاصل ہوں گے مندرجہ بالا نقش چاہے عمومی ہو یا ذاتی اس پلیٹ جس پر یہ نقش کندہ ہو اس کے چاروں کونوں میں کم و بیش ایک قسم، رنگ اور سائز کے نیلم جڑوالیں۔یہ لوح اپنے اثرات میں خاص خصوصیات کی حامل ہوگی۔ شرف زحل کی لوح میں جب زحل کے منسوب جوہر نیلم کے اثرات کو باہم ایک جگہ جمع کر دیا جائے گا تو آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ اس کے مثبت اثرات میں کئی گنا اضافہ ہو جائے گا۔اس طور آپ کسی بھی دیگر لوح پر نیلم جڑوا سکتے ہیں، اچھے اثرات آئیں گے۔اس طریقہ سے آپ روحانی، طلسماتی اور جوہری خصوصیات و اثرات کو ایک جگہ اکٹھا کر کے غیر معمولی طاقت کی حامل لوح بنا سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

# لوح دفع رجعت و نحوست زحل

زحل کی سعادت سے مستفید ہونے کا حق اُن لوگوں کے لیے بھی ہے جن کے زائچوں میں زحل حالت رجعت یا نحوست میں ہے۔بشمول زحل کوئی بھی کوکب جب زائچہ میں حالت رجعت و نحوست میں ہوتا ہے۔فرد کے لیے خصوصی مسائل لے کر آتا ہے۔بعض صورتوں میں ایک طرح کا مسئلہ بار بار سامنے آتا ہے یا کسی ایسے مسئلے سے واسطہ پڑ جاتا ہے جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتا اور ایک قسم کا ناسور بن جاتا ہے۔جو ایک طویل عرصے تک رستہ رہتا ہے اور مسلسل اذیت اور پریشانی کا باعث ہوتا ہے۔

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر، التواء اور رکاوٹیں ایک بدمزہ زندگی کا اہم حصہ ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت/نحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔یعنی یہ بات بہت حد تک یقین سے کی جا سکتی ہے کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل حالت رجعت یا نحوست میں ہوگا۔گو اس حوالے سے دیگر وجوہات بھی ہو سکتی ہیں تاہم زیادہ تر زائچوں میں یہی مسئلہ ہوتا ہے۔غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت / نحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید و فروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو، میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت/نحوست میں ہے۔خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت/نحوست زحل کی ضرورت ہے، جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔مسلسل مسائل اور تناؤ کا شکار زندگی بسر کر رہے ہوں۔سو آج ہی ادارہ سے رابطہ کر کے لوح رفع رجعت / نحوست زحل بنوائیں اور زندگی کے امتحانوں کو ثابت قدمی سے پار کرتے جائیں۔

اس حوالے سے نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔

سطور ذیل قارئین راہنمائے عملیات کے لیے وہ خاص نقش بمعہ چال تحریر ہے۔جو مہارت رکھتے ہیں تیار کر سکتے ہیں۔

چال زحل بادی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |

## ناکام زندگی کو کامیاب زندگی سے بدلنے کے لیے لوح زحل کی سعادت حاصل کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

نقش زحل بادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا قائم یا رافع یا شکور

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۴۷ | ۸۴۴ | ۸۳۷ | ۸۵۰ |
| ۸۳۸ | ۸۴۹ | ۸۴۸ | ۸۴۳ |
| ۸۵۲ | ۸۳۹ | ۸۴۲ | ۸۴۵ |
| ۸۴۱ | ۸۴۶ | ۸۵۱ | ۸۴۰ |

یا حکیم یا باقی

## احتیاط

وہ افراد جو عملیات اور نجوم کی مکمل سمجھ نہیں رکھتے اور ذاتی طور پر رجعت زحل یا نحوست زحل کا شکار ہیں، اِن کو یہ لوح کسی بھی صورت خود بنانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ اس کی وجہ یہ نہیں کہ اِن کو اپنی طرف راغب کیا جائے۔ یہ فقرہ تحریر کرنے کی ضرورت اس لیے ہے کہ بعض لوگ بات کو سمجھے بغیر شک کرنے کی طرف دوڑتے ہیں سو اِن کو بات وضاحت سے بیان کرنا ضروری ہے۔

شرف زحل کے حوالے سے پچھلے صفحات میں جو الواح بیان کی گئی تھی اِن کی نسبت سے کوئی ایسی بات نہیں کی گئی، اب اگر کی گئی ہے تو اس کی بھی ایک خاص وجہ ہے۔ وہ کیا ہے؟ سمجھیں!

میدانِ عملیات میں نقوش واعمال بناتے ہوئے دائرہ قمری سے کام لیا جاتا ہے۔ کیا آپ کو پتا ہے ایسا کیوں کیا جاتا ہے؟ اس کی تفصیل میں نے اپنی کتاب ''علم الحروف'' میں بیان کی ہے۔ اِن وجوہات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ دائرہ شمسی کی نسبت دائرہ قمری میں رجعت اور عملیاتی خطرات کم ہوتے ہیں۔ یعنی دائرہ قمری کے تحت تیار کردہ اعمال کسی غلطی کا باعث غیر معمولی اور غیر متوقع نقصان یا شدت نقصان کے حوالے سے دائرہ شمسی کی طرح حد درجہ نقصان دہ نہیں ہوتے۔ دائرہ قمری یا ابجد قمری سے غلطی کی سزا اور دائرہ شمسی یا ابجد شمسی سے غلطی کی سزا میں فرق ہے۔ ابجد شمسی کی سزا زیادہ بُری اور خطرناک ہوتی ہے۔ یہی کلیہ یہاں صادق آتا ہے۔ وہ فرد جو خود ہی رجعت ونحوست کا شکار ہے وہ اگر کوئی غلطی کر بیٹھا تو اس پر رجعتی اور منفی اثرات بھی اسی طور زیادہ اور تکلیف دہ ہو سکتے ہیں۔ اس ساری بات کا حتمی نچوڑ یہ ہے کہ کسی فرد یا عامل کے ذاتی زائچہ میں رجعت کوکب کا ہونا اس کو اپنے لیے یا دوسروں کے لیے اعمال تیار کرنے سے روکتا نہیں ہے۔ لیکن غیر معمولی احتیاط کی ضرورت کا احساس دلاتا ہے۔ نحوست کا مطلب ہی منفی صورت ہے تاہم جو نجوم کو سمجھتے ہیں اُن کے لیے ایک وضاحت کر دوں۔ اگر چہ رجعت ہمیشہ نحوست نہیں لاتی اور رجعت سے واقع ہونے والی نحوست ہر زائچہ اور حالت میں ایک نہیں ہوتی بلکہ بعض زائچوں میں ساڑھ ستی سے بھی زیادہ نقصان کا باعث بن جاتی ہے۔ بہرحال جو اِن باتوں کی سمجھ رکھتا ہے اُس کے لیے نہ کوئی رکاوٹ ہے اور نہ کوئی بندش اور جو نہیں رکھتا احتیاط کا دامن نہ چھوڑے۔ آگے آپ خود مرضی کے مالک ہیں۔ عقل مند اور ذمہ دار ہیں۔

## ذاتی نقش

کسی بھی نقش کو ذاتی نقش میں تبدیل کرنے کا طریقہ پہلے بھی تحریر کیا ہے۔ تاہم دوبارہ تحریر کیے دیتا ہوں کہ جو مندرجہ بالا نقش کو ذاتی نقش کے طور پر استعمال کرنا چاہیں وہ مندرجہ بالا اسماء کے اعداد میں اپنے اور والدہ کے نام کے اعداد شامل کر لیں اور اِن کی بنیاد پر نقش مکمل کریں یہ نقش اِن کا ذاتی ہوگا اور کسی دوسرے کے لیے کام نہ آئے گا۔ تاہم وہ نقش جو پچھلی سطور میں دیا گیا ہے۔ اس سے ہر وہ فرد فائدہ اٹھا سکتا ہے جس کے زائچہ میں زحل رجعت و نحوست کی حالت میں ہے۔ گو پچھلی سطور میں بحث کو ضرور مدِ نظر رکھیں۔ ذاتی نقش ولوح بنانے کے لیے فرد کی ذاتی حالت یا مسئلہ کی نوعیت کے اعتبار سے عبارت عمل میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ گو جو اسماء دیئے گئے ہیں اپنے طور پر موثر و قابل اعتبار و مستند ہیں۔

## پیدائشی زائچہ اور لوح رجعت ونحوست زحل

اس حوالے سے یہ بات یاد رکھیں، زیر بحث لوح کی تیاری کے دوران فرد کے پیدائشی زائچہ کو ضرور مدِ نظر رکھیں۔

دیگر یہ بات یاد رکھیں، عمل کی مناسبت سے لوزامات کو مدِ نظر رکھیں اور کسی قسم کی کنجوسی کا مظاہرہ نہ کریں، ورنہ اس کے حقیقی فوائد حاصل نہ کر سکیں

گے۔ یعنی بخورات بامقدار ضرورت لازم استعمال کرنے چاہئیں۔

☆☆☆☆

# سہہ جہتی طلسم زحل

سہہ جہتی طلسم زحل جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اپنے اندر تین جہتیں یعنی تین قسم کی طاقتوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ یہ صرف زحل ہی نہیں بلکہ باقی کواکب کے حوالے سے بھی استخراج کیے جاتے ہیں، تاہم ہر ایک کوکب سے منسوب طلسم ایک دوسرے سے فرق ہے۔

ہر طلسم تین الگ الگ امورات سے مل کر تشکیل پاتا ہے۔

اس کا سب سے بنیادی اور اہم حصہ عددی نقش پر مشتمل ہے جو نامعلوم عرصے سے زحل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ عددی نقش بالذات بھی زحل کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ یعنی اس کو انفرادی حالت میں کسی شے مثل لکڑی، دھات یا جلی و پتھر وغیرہ پر نقش یا کندہ کر کے استعمال کیا جاتا تھا۔ مصری فرعونوں کے زمانے میں بھی یہ ہمیں استعمال ہوتا ہوا ملتا ہے۔ اس سے آپ اس کی قدامت کا اندازہ لگالیں۔

اس طلسم کا دوسرا حصہ ایک خاص طلسماتی شکل ہے۔ جو انتہائی قدیم زمانے سے زحل سے منسوب ہے۔ اس کے بارے میں حتمی تاریخ یا وقت کا تعین نہیں کیا جاسکتا کہ یہ شکل کتنے قدیم زمانے سے مروج ہے۔ بہرحال عددی نقش کی طرح اس کو بھی انفرادی طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔

اس طلسم کا تیسرا حصہ اسلامی حوالے سے اُن اسماء الٰہی پر مشتمل ہے جو زحل سے منسوب امورات میں موثریت کے حامل مانے جاتے ہیں۔

زیر بحث سہہ جہتی طلسم زحل کی تیاری اس طریقہ کار کے مطابق کی گئی ہے کہ اس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ سامنے والی طرف عددی طلسم اور اس کے اردگرد چہار اطراف اسماء الحسنیٰ تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ جبکہ طلسماتی شکل کو اس کی پچھلی طرف، یعنی پشت پر کندہ کیا گیا ہے۔

اِن تینوں امورات نے مل کر اس سہہ جہتی علم کو ایک ایسا عجب شاہکار بنادیا ہے جو غیر معمولی طلسماتی، روحانی، عملیاتی و اسلامی قوتوں کا امتزاج بن گیا ہے۔

ذیل میں پہلے نقش زحل اور پھر طلسماتی شکل جو اس کی پشت پر آتی ہے دی گئی ہے۔


یا اللہ یا عزیز یا باقی یا وارث

یا اللہ یا مغنی یا کبیر یا ملک

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

یا اللہ یا واسع یا وکیل یا ملک

[illegible]



## افادیت سہہ جہتی طلسم زحل

یہ خصوصی سہہ جہتی طلسم زحل کن کن کاموں اور معاملات میں موثر و مددگار ہے، جاننے کے لیے سطور ذیل راہنما ثابت ہوں گی۔

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کواکبی سحری جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں اِن کا مداوا کیا جاسکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ اسی طرح وہ لوگ جن کے حالات ساڑھ ستی کے عرصے (ساڑھے سات سال) سے زیادہ وقت تک خراب رہتے ہیں یا جن پر زحل کی نحس دشا چل رہی ہو اِن کے لیے بھی یہ سہہ جہتی طلسم مفید و مددگار ہوگا۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شان دار جگہ وغیرہ جو سب کی نظر میں آئے ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ

طلسم استعمال کیا جاسکتا ہے۔عمارتوں کو طویل عرصے تک قائم و دائم رکھنے کے لیے بھی یہ کامیاب مانا گیا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہو گا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات، نجوم، سحر، پامسٹری، جفر، رمل، حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کے لیے یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور ان کی قوت وعلم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اس قدیم اور مستند طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ وہ تمام ایسے لوگ جن کے مسائل کا حل نہ نکلتا ہو اور ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار ہو جاتے ہوں، ان کو اس نقش و طلسم کا استعمال کروائیں، مفید ثابت ہوں گے۔

☆☆☆☆

# سہ جہتی طلسم زحل

اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کوا کبی سحری، جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں ان کا مداوا کیا جاسکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شان دار جگہ وغیرہ، جو سب کی نظر میں آئے ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ طلسم استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہوگا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات، نجوم، سحر، پامسٹری، جفر، رمل، حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کو یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور ان کی قوت وعلم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

# نقش زحل نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند کیا اور استعمال بھی اور ان کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ اب بحوالہ زحل ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقوش پیش کیے جا رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ زحل سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے۔ تا کہ آپ اگر کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پہننے کے لیے دی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فلیتہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جاسکتا ہے، جو کہ سحر، رد نظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہوسکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی سمجھ اور ضرورت کے مطابق ان نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کر سکتا ہے۔ سو سب سے پہلے زحل سے منسوب نقش زحل نورانی اور پھر تکسیر زحل نورانی دی جارہی ہے۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

نقش

| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
|---|---|---|---|

| یااللہ | ا ب ج د | | | | یااللہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ۵۵۱۱ | ۵۴۹۷ | ۵۵۰۴ | ۵۵۰۸ | ا |
| ب | ۵۵۰۳ | ۵۵۰۹ | ۵۵۱۰ | ۵۴۹۸ | ب |
| ج | ۵۵۰۶ | ۵۵۰۲ | ۵۴۹۹ | ۵۵۱۳ | ج |
| د | ۵۵۰۰ | ۵۵۱۲ | ۵۵۰۷ | ۵۵۰۱ | د |
| یااللہ | ا ب ج د | | | | یااللہ |

## تکسیر زحل

اال ب م ج ص درا ک ب ھ ج ی دح اط ب ہ ج س دح اق ب ن ج
ج ان اب ل ق ب ام ح ج دص س دج رہ اب ک ط ب اھ ح ج دی
ی ج دا ج ن ح اھ ب ال ب ق ط ب ک اب م اح ہ ج ردج ص دس
س ی دج ص دج ادج رن ج ح ہ اح ھ اب م اب ل اب ک ق ب ط
ط س ب ی ق دک ج ب ص ادل ج ب اادم ج ب ران ھ ج ح ح اہ
ہط اس ح ب ح ی ج ق ھ دن ک اج رب ب ص ج ام ددل اج اب
ب ہاط ج اا س ل ح دب دح م ی اج ج ق ص ھ ب دب ن رک ج ا
اب ج ہ ک ارط ن ج ب اداب س ھ ل ص ح ق دج ب ج دا ح ی م
م ای ب ح ج اہ دک ج اب رج ط دن ق ج ح ب ص ال دھ اس ب
ب م س اای ھ ب دح ل ج اا ص ہب دح ک ج ج ق ان ب درط ج
ج ب ط م رس داب ان ی اھ ق ب ج دج ح ک ل ح ج داب اہ ص
ص ج ہب اط ب م اردس ج دح ال ب ک اح ن ج ی داج ھ ب ق
ق ص ب ج ھ ہ ج ب اادط ی ب ج م ن اح رادک س ب ج ل دا ح
ح ق اص دب ل ج ج ھ ب ہس ج ک ب دااردح ط ای ن ب م ج
ج ح م ق ب ان ص ی داب ط ل ح ج دج رھ اب اہ اس دج ب ک
ک ج ب ح ج م دق س ب ااہن اص ب ی ادھ ارب ج ط دل ج ح
ح ک ج ج ل ب دح ط ج ج م ب درق اس ھ ب داا ای ہب ن ص ا
اح ص ک ن ج ب ج ہل ی ب اداح اط دج ب ج ھ م س ب ادق ر
راق ح دص اک ب ن س ج م ب ھ ج ج ہب ل ج ی دب ط اادح ا
ارح ادق اح ادط ص ب ادک ی ب ج ن ل س ب ج ہم ج ب ج ھ
ھ اج رب ح ج ام دہ ق ج اب ح س ال دن ط ج ص ب ب ی اک د
دھ ک اا ج ی رب ب ب ح ص ج ج اط م ن ددہ ل ق اج س اح ب
ب دج ھ اک س اج اا ج ق ی ل رہ ب دب ن ح م ص ط ج اج
ج ب ادج ح ط ھ ص ام ک ح س ن اب ج داب ادج ب ق ہ ی رل
ل ج رب ی اہ دق ج ب ح ج ط دھ اص ب اام دک ج ح ب س ان
ن ل اج س رب ب ح ی ج اک ہ ددم ق اج اب ب ح ص ج اط ھ د
دن ھ ل ط اا ج ج س ص رح ب ب ب ح ای ج ج اا ق ک م ہدد
دددن ہھ م ل ک ط ق اااا ج ج ج س ی ص ارح ح ب ب ب ب
ب دب دب ن ح ہ ح ھ رم ال ص ک ی ط س ق ج اج اج اج ا
اب ج داب ج داب ج ن ق ح س ہط ح ی ھ ک رص م ل ا
اال ب م ج ص درا ک ب ھ ج ی دح اط ب ہ ج س دح اق ب ن ج

## ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کوکب کا شرف یا اوج ہو اس کی ہی ساعت میں عمل تیار کرنا مفید ہوتا ہے تاہم اگر نجوم کی سمجھ ہو تو دیگر ساعتوں میں بھی کام کیا جا سکتا ہے۔ تاہم متعلقہ کوکب کی ساعت میں کام کرنا آسان اور محفوظ راستہ ہے۔

## بخور وخوشبو

رال، میعہ سائلی، مرچ سیاہ، رال لوبان، دارچینی، زعفران، عود، خس اور گل وغیرہ میں سے کچھ اشیاء اپنی مالی حالت یا عمل کی مناسبت سے دوران عمل بطور بخور جلاتے رہیں اور ان میں سے ہی کسی شے کا عطر لوح یا نقش جو بھی تیار کریں، اس کو لگائیں۔ اس کے علاوہ یہ عطر کپڑوں یا جسم وغیرہ پر بھی لگایا جا سکتا ہے۔

## سیاہی

کاغذ پر نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کو پانی یا آب زم زم میں ملا کر زعفرانی سیاہی بنالیں۔ کوشش سے کسی قابل اعتماد فرد سے زعفران لیں، آج کل دو نمبر کا زعفران دکان داروں نے رکھا ہوتا ہے۔ کبھی یہ سستا ہوتا تھا اب مہنگا ہونے کی وجہ سے فساد پیدا ہو گیا ہے۔

## ذکر

جو بھی نقش یا لوح تیار کریں اس کے ساتھ تحریر اسماء الحسنٰی کا ذکر گیارہ تسبیحوں کی تعداد میں کم سے کم سات دن تکمیل نقش کے لیے کریں۔ یہ صرف عمل کا ذکر ہے، عمومی ذکر کے لیے یہی ورد چالیس دن تک بھی کیا جا سکتا ہے۔

## صدقہ

زحل کے حوالے سے جن اشیاء کو بطور صدقہ دیا جانا چاہیے ان میں ماش، کالے چنے، کھچڑی، مسور، کالا نمک، سادہ روٹی، کالا کپڑا، سبزی، زندہ کالی مرغی یا بکری، سرسوں کا تیل وغیرہ شامل ہیں۔ عمل کی تیاری میں صدقات کا بندوبست کرنا امر لازم ہے۔

## نوٹ

کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر ہے۔ آپ کا میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرنا ہے اور بس۔ سو بعد از

# لوحِ شرف زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔

مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

اعمال آپ کو کامیابی دیں گے اور آپ کی توقعات پوری ہوں گی۔ انشاءاللہ۔

گو مضمون ایک ہے لیکن اس میں دو الگ الگ اعمال پیش کیے جا رہے ہیں جن کی بنیاد ایک ہے لیکن اِن کی طاقت اور اثرات میں فرق ہے۔ تاہم وہ لوگ جن کا عملیات میں زیادہ تجربہ نہیں اور ریاضت کی کمی ہے وہ صرف پہلا عمل تیار کریں۔ کیونکہ دوسرا عمل طاقت میں پہلے عمل کی نسبت شدید ہے لیکن تجربہ اور محنت مانگتا ہے۔ ہر عمل کا ایک ردِ عمل ہوتا ہے اور عامل یا صاحب عمل کی اپنی روحانیت اور سمجھ زیادہ نہ ہو تو طاقتور اعمال باعث رجعت یا پریشانی بن سکتے ہیں۔ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کر سکتے ہیں۔ ہاں اپنی عملیاتی سمجھ اور طاقت کو مدنظر رکھیں۔ ادارہ اس حوالے سے بری الذمہ ہے۔

## اجازت عمل

جیسا کہ اوپر کی سطور میں آپ نے پڑھا اجازت عمل تو دی جا چکی ہے لیکن اس الگ عنوان کی ضرورت کیوں پڑی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کثرت سے قارئین اس بارے میں سوال کرتے ہیں، حالانکہ اس امر کی وضاحت متعدد بار اپنی تحریر میں کر چکا ہوں اور کئی ایک کتب میں بھی بیان کیا جا چکا ہے۔ اس کے علاوہ کتب قدیم و ماہرین نے بھی امر ہذا کے بارے میں تحریر کیا ہے لیکن پھر بھی لوگ اپنے مطلب کی بات نکالنے کے لیے یا کسی بھی اُصول میں اپنی ذات کے حوالے سے گنجائش کے طلب گار ہونے کی بناء پر ایک ہی بات کو متعدد بار اور کئی ایک طریقوں سے گھوما پھیرا کر پوچھتے ہیں۔

سو ایک دفعہ پھر سمجھ لیں بطور اُصول ہر فرد اپنی ذات کے لیے خود عمل تیار کر سکتا ہے بشرطیکہ اس کو عملیات کی سمجھ ہو۔ کیونکہ اگر ایک فرد کو اس بارے میں سمجھ ہی نہیں لیکن وہ اس بارے میں اپنے آپ کو مکمل اور ماہر سمجھتا ہے تو اس کا کوئی علاج نہیں۔ جس طرح کوئی شخص کوئی مشین خرید کر ایک دن میں مشین کا ماہر کاریگر نہیں بن سکتا، اِسی طرح میدان عملیات میں بھی رسالہ یا کتاب پڑھنے سے کارگر بننے کا تصور پیدا نہیں کر لینا چاہیے۔

بہر حال اگر مکمل سمجھ اور سابقہ راہنمائی ہے تو ہر فرد اپنے لیے یعنی صرف اور صرف اپنی ذات کے لیے عمل تیار کر سکتا ہے۔ دوسروں کے لیے عمل تیار کرنے کے لیے صاحب عمل یعنی عامل ہونا ضروری ہے یا پھر صاحب عمل کی اجازت متعلقہ فرد سے عمل تیار کرنے کے لیے حاصل کر لی جائے تو ایک بہتر طریقہ ہوگا۔ اور اگر اس شعبہ کا بہت ہی شوق ہے اور اس کو موثر خیال کرتے ہیں تو پھر باقاعدہ طور پر اس میں داخل ہو جائیں تاکہ مسئلہ مستقل طور

عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔ آمین۔

☆☆☆☆

# عمل خاص حروف نورانی

شرف زحل اور حروف نورانی کے حوالے سے گو الگ الگ مضامین کا سلسلہ راہنمائے عملیات میں جاری ہیں۔ تاہم درج ذیل عمل شرف زحل کے حوالے سے تحریر کیا گیا ہے۔ جس کی بنیاد حروف نورانی پر ہے۔ اس میں دیئے

پر حل ہوجائے۔ LLB کی کتابیں خرید کر یا MBBS کی کتابیں لے کر نہ قانون دان بنا جاسکتا ہے اور نہ ڈاکٹر۔ ہاں اگر آپ عملیات کی کتب خرید کر عامل بن جاتے ہیں تو آپ کے کیا کہنے! جس طرح صرف کتابیں پڑھ کر بننے والا ڈاکٹر لوگوں کو خراب کرے گا، اسی طرح آپ بھی لوگوں کو پریشان حال کرے اور تباہ کرنے کا باعث ہوں گے۔ تاہم اس علم میں یہ تباہی رجعت کی صورت میں عامل صاحب یعنی جو نقش یا لوح بناتے ہیں ان کے لیے بھی آتی ہے۔ سو احتیاط اور سمجھ کا دامن حاضر رکھیں۔

اب بعض اصحاب ارشاد فرما سکتے ہیں کہ عملیات کی کتب پڑھ کر وہ اس میں ماہر ہو ہی گئے ہیں تو حقیقی معنوں میں یہ غلط بات ہے۔ زندگی کی کسی نہ کسی منزل پر ہر علم کی بنیادی تعلیم حاصل کیے بغیر اس میں مہارت کا دعوی کوئی نہیں کرتا۔ عملیات یا نجوم کی کتب پڑھ کر علم آنا ایسے ہی ہے جیسے آپ ڈاکٹری یا قانون کی کتب پڑھ لیں تو ایک حد تک آپ کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور جزوی علم کا حصول ہوگا۔ اس طرح سے قانون پڑھ کر نہ آپ مقدمہ جیت سکتے ہیں اور نہ مریض کا کامیاب اپریشن کر سکتے ہیں۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ بلا راہنمائی اس قابل ہو جائیں؟ ہاں آپ ایسا سمجھ سکتے ہیں۔ جس پر کوئی پابندی نہیں، لیکن اس سوچ اور خیال میں نہ کوئی بات درست ہے اور نہ سمجھ داری۔

## طریق عمل

عمل بالکل سادہ اور مجرب ہے۔ معمولی توجہ سے بھی اس کو حل کیا جا سکتا ہے۔ سو اپنی توجہ قائم کریں۔ جس کے لیے عمل تیار کرنا ہے اس کا نام ایک سطر میں لکھیں اور دوسری سطر میں حروف نوارنی تحریر کر لیں۔ اگر نام کے حروف زیادہ ہوں تو حروف نورانی کو دوہرا دیں۔ پھر اوپر نیچے کے حروف کی عددی قیمت کو باہم جمع کر لیں جو عددی قیمت حاصل ہو اس کے مطابق حروف حاصل کریں، ان حروف کی تکسیر بنالیں۔ اس تکسیر کے کل اعداد کے مطابق حسب ضرورت نقش یا لوح بنالیں اور تکسیر کو بھی حسب ضرورت بطور نقش پاس رکھنے یا دیگر موزوں طریق سے استعمال کر سکتے ہیں۔

## پہلا طریقہ

ذیل میں بنیادی کوائف دیئے گئے ہیں۔ آپ نے عمل کے دوران سائل کی والدہ کا نام بھی شامل کرنا ہے۔

| | |
|---|---|
| نام | خالد اسحاق راٹھور |
| حروف نورانی | ال م ص ر ک ھ ی ع ط س ح ق ن |

مندرجہ بالا بیان کردہ طریق کے مطابق ذیل میں حاصلہ سطر کی بنیاد پر تکسیر استخراج کردی گئی ہے۔ اس تکسیر کے کل اعداد 20799 بنتے ہیں۔ سو اس کی بنیاد پر فرد کو نقش یا لوح بنا کر دیں جو وہ اپنے پاس ذاتی استعمال کے لیے رکھے۔

تکسیر مندرجہ بالا حاصلہ سطر کی بناء پر یوں تیار ہوگی۔

اخ ال ع دص ار ف ج ی ای ع ق ط ر اس ح ت ھ ق ون ار
ر اا خ ن او ل ق ع ھ د ت ص ح اس ر اف ر ج ط ی ق ا ع ی
ی ر ع ااا ق خ ی ن ط اج ور ل ف ق ا ع ر ھ س دات ح ص
ص ی ح ر ت ع اا د اس اھ ق ر خ ع ی ان ق ط ف ال ج ر د
د ص ر ی ج ح ل ر ات ف ع ط اق ان دا ای س ع اخ ھ ر ق
ق ور ص ھ ر خ ی اج ع ح س ل ی ر ااا ت دف ن ع اط ق ا
اق ق وط ر اص ع ھ ن ر ف خ دی ت اا ج ا ع اح ر س ی ل
ل ای ق س ق ر وح ط ار ع اا ص ج ع اھ ان ت ر ی ف دخ
خ ل داف ی ی ق ر س ت ق ن ر اد ھ ح اط ع اج ر ص ع اا
اخ ال ع دص ار ف ج ی ای ع ق ط ر اس ح ت ھ ق ون ار

سطور ذیل میں مندرجہ بالا تکسیر کے تمام حروف کو باترتیب بمعہ اعداد کے تحریر کردیا گیا ہے۔ بالکل اس طرز پر آپ نے بھی کام کو مکمل کرنا ہے۔

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | 54 | X | 1 | = | 54 |
| ت | 9 | X | 400 | = | 3600 |
| ج | 9 | X | 3 | = | 27 |
| ح | 9 | X | 8 | = | 72 |
| خ | 9 | X | 600 | = | 5400 |

| اسم | خ | ا | ل | د | ا | س | ح | ا | ق | ر | ا | ث | ھ | و | ر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعداد | 600 | 1 | 30 | 4 | 1 | 60 | 8 | 1 | 100 | 200 | 1 | 400 | 5 | 6 | 200 |
| حروف نورانی | ا | ل | م | ص | ر | ک | ھ | ی | ع | ط | س | ح | ق | ن | ا |
| اعداد | 1 | 30 | 40 | 90 | 200 | 20 | 5 | 10 | 70 | 9 | 60 | 8 | 100 | 50 | 1 |
| اعداد بلحاظ جمع | 601 | 31 | 70 | 94 | 201 | 80 | 13 | 11 | 170 | 209 | 61 | 408 | 105 | 56 | 201 |
| حروف بلحاظ جمع | اخ | ال | ع | دص | ار | ف | ج ی | ای | ع ق | طر | اس | ح ت | ھ ق | ون | ار |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | 9 | X | 4 | = | 36 |
| ر | 27 | X | 200 | = | 5400 |
| س | 9 | X | 60 | = | 540 |
| ص | 9 | X | 90 | = | 810 |
| ط | 9 | X | 9 | = | 81 |
| ع | 18 | X | 70 | = | 1260 |
| ف | 9 | X | 80 | = | 720 |
| ق | 18 | X | 100 | = | 1800 |
| ل | 9 | X | 30 | = | 270 |
| ن | 9 | X | 50 | = | 450 |
| و | 9 | X | 6 | = | 54 |
| ہ | 9 | X | 5 | = | 45 |
| ی | 18 | X | 10 | = | 180 |

کل قیمت = 20799

کل اعداد کی تعداد 20799 حاصل ہوئی اِن کی بنیاد پر ایک نقش یا لوح چال بادی سے بنا کر سائل کو اپنے پاس رکھنے یا جیسا کہ ضرورت ہو اس کے لیے دیں۔

آبی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۲۰۲ | ۵۱۹۹ | ۵۱۹۲ | ۵۲۰۶ |
| ۵۱۹۳ | ۵۲۰۵ | ۵۲۰۳ | ۵۱۹۸ |
| ۵۲۰۸ | ۵۱۹۴ | ۵۲۹۷ | ۵۲۰۰ |
| ۵۱۹۶ | ۵۲۰۱ | ۵۲۰۷ | ۵۱۹۵ |

یااللہ یااللہ

## حروف نورانی بمعہ نقش

آپ اگر حروف نورانی کی سعادت سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو اس تکسیر میں حروف نورانی کی تعداد کا حساب کر کے اِن کے اعداد استخراج کر لیں اور اِن کے بنیادی نقش نورانی سائل کو تیار کر کے دیں۔

یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ براہ راست حروف نورانی کے کل اعداد نہیں لیے گئے۔ حالانکہ عمل کے دوران اِن کو براہ راست شامل کیا گیا تھا۔ تاہم عمل کے اگلے حصے میں بنیادی سطر کی جگہ ایک نئی سطر حاصل ہوئی۔ جن کی بنیاد پر مندرجہ بالا تکسیر حاصل ہوئی جو فرد کے حساب کو، اس کی ذات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ وہ یہ جو حروف نورانی کے اعداد ہوں گے وہ خالص حروف نورانی کی بجائے فرد متعلقہ کے ذاتی ہوں گے۔ سو اس کی ذات کے حوالے سے موثر ہوں گے۔ تمام حروف نورانی اس سے قبل دی گئی تکسیر میں شامل ہیں۔ عمل کے اس حصے کا مطلب فرد کی ذات کو ترقی دینا ہے۔

سطور ذیل میں مندرجہ بالا تکسیر سے حاصلہ حروف نورانی بمعہ اعداد ہیں۔

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | 54 | X | 1 | = | 54 |
| خ | 9 | X | 8 | = | 72 |
| ر | 27 | X | 200 | = | 5400 |
| س | 9 | X | 60 | = | 540 |
| ص | 9 | X | 90 | = | 810 |
| ط | 9 | X | 9 | = | 81 |
| ع | 18 | X | 70 | = | 1260 |
| ق | 18 | X | 100 | = | 1800 |
| ل | 9 | X | 30 | = | 270 |
| ن | 9 | X | 50 | = | 450 |
| ہ | 9 | X | 5 | = | 45 |
| ی | 18 | X | 10 | = | 180 |

کل قیمت = 10962

بادی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یااللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۴۶ | ۲۷۳۳ | ۲۷۴۰ | ۲۷۴۳ |
| ۲۷۳۹ | ۲۷۴۴ | ۲۷۴۵ | ۲۷۳۴ |
| ۲۷۴۱ | ۲۷۳۸ | ۲۷۳۵ | ۲۷۴۸ |
| ۲۷۳۶ | ۲۷۴۷ | ۲۷۴۲ | ۲۷۳۷ |

یااللہ یااللہ

## مزید طاقت

مزید محنت کرنا چاہیں اور عمل کو مزید طاقت دینا چاہیں تو دیکھیں مندرجہ بالا تکسیر میں آتشی، بادی، خاکی اور آبی حروف کی تعداد کیا ہے اور اِن

کے الگ الگ اعداد کیا بنتے ہیں۔ پس اِن کے مطابق ہر نقش الگ الگ بنائیں۔ یعنی جس قدر حروف آتشی حاصل ہوں اِن کے مطابق آتشی چال سے نقش بنائیں اور جس قدر حروف بادی، خاکی اور آبی حاصل ہوں اِن کے مطابق متعلقہ چال سے نقش بنادیں۔

مندرجہ بالا تکسیر کے حوالے سے تمام حروف کا بیان بمعہ نقوش ذیل میں دیا گیا ہے:-

**آتشی حروف بمعہ نقش**

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | 54 | X | 1 | = | 54 |
| ط | 9 | X | 9 | = | 81 |
| ف | 9 | X | 80 | = | 720 |
| ھ | 9 | X | 5 | = | 45 |
| | | | کل قیمت | = | 900 |

آتشی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

نقش ←

| یااللہ بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم یااللہ |
|---|---|---|---|
| ۲۱۷ | ۲۳۱ | ۲۲۸ | ۲۲۴ |
| ۲۲۹ | ۲۲۳ | ۲۱۸ | ۲۳۰ |
| ۲۲۲ | ۲۲۶ | ۲۳۳ | ۲۱۹ |
| ۲۳۲ | ۲۲۰ | ۲۲۱ | ۲۲۷ |

یااللہ یااللہ

**بادی حروف بمعہ نقش**

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | 9 | X | 400 | = | 3600 |
| ص | 9 | X | 90 | = | 810 |
| ن | 9 | X | 50 | = | 450 |
| و | 9 | X | 6 | = | 54 |
| ی | 18 | X | 10 | = | 180 |
| | | | کل قیمت | = | 5094 |

بادی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

نقش ←

| یااللہ بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم یااللہ |
|---|---|---|---|
| ۱۲۷۹ | ۱۲۶۶ | ۱۲۷۳ | ۱۲۷۶ |
| ۱۲۷۲ | ۱۲۷۷ | ۱۲۷۸ | ۱۲۶۷ |
| ۱۲۷۴ | ۱۲۷۱ | ۱۲۶۸ | ۱۲۸۱ |
| ۱۲۶۹ | ۱۲۸۰ | ۱۲۷۵ | ۱۲۷۰ |

یااللہ یااللہ

**آبی حروف بمعہ نقش**

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ج | 9 | X | 3 | = | 27 |
| س | 9 | X | 60 | = | 540 |
| ق | 18 | X | 100 | = | 1800 |
| | | | کل قیمت | = | 2367 |

آبی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

نقش ←

| یااللہ بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم یااللہ |
|---|---|---|---|
| ۵۹۴ | ۵۹۱ | ۵۸۴ | ۵۹۸ |
| ۵۸۵ | ۵۹۷ | ۵۹۵ | ۵۹۰ |
| ۶۰۰ | ۵۸۶ | ۵۸۹ | ۵۹۲ |
| ۵۸۸ | ۵۹۳ | ۵۹۹ | ۵۸۷ |

یااللہ یااللہ

**خاکی حروف بمعہ نقش**

| حرف | تعداد | | قیمت | | کل قیمت |
|---|---|---|---|---|---|
| ح | 9 | X | 8 | = | 72 |
| خ | 9 | X | 600 | = | 5400 |
| د | 9 | X | 4 | = | 36 |
| ر | 27 | X | 200 | = | 5400 |
| ع | 18 | X | 70 | = | 1260 |
| ل | 9 | X | 30 | = | 270 |
| | | | کل قیمت | = | 12438 |

خاکی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

نقش ←

| یااللہ بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم یااللہ |
|---|---|---|---|
| ۳۱۰۹ | ۳۱۱۲ | ۳۱۱۵ | ۳۱۰۲ |
| ۳۱۱۴ | ۳۱۰۳ | ۳۱۰۸ | ۳۱۱۳ |
| ۳۱۰۴ | ۳۱۱۷ | ۳۱۱۰ | ۳۱۰۷ |
| ۳۱۱۱ | ۳۱۰۶ | ۳۱۰۵ | ۳۱۱۶ |

یااللہ یااللہ

## دوسرا طریقہ

پہلے طریقے اور دوسرے طریقے میں صرف ایک خاص فرق ہے اور اُس کو پچھلی سطور میں بیان بھی کر دیا گیا ہے۔ دیکھیں ذیل میں جو جدول دیا

گیا ہے۔ اس سے ملتا ہوا مضمون کے شروع میں بھی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس عمل کے آخری حصہ میں حروف سے حاصل ہونے والے اعداد کو باہم جمع کیا گیا جبکہ ذیل کے جدول میں اِن کو باہم ضرب دیا گیا ہے۔ اس حاصل

کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ تاہم سطور ذیل سے یہ بات واضح ہو گی کہ یہ طلسم زحل ملے جلے رجحانات کے بھی احمل ہیں۔ سوخوب سوچ سمجھ کر اپنے اصل مقصد کو سامنے رکھ کر اِن کو استعمال میں لائیں۔

| اسم | خ | ا | ل | د | ا | س | ح | ا | ق | ر | ا | ث | ہ | و | ر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعداد | 600 | 1 | 30 | 4 | 1 | 60 | 8 | 1 | 100 | 200 | 1 | 400 | 5 | 6 | 200 |
| حروف نورانی | ا | ل | م | ص | ر | ک | ہ | ی | ع | ط | س | ح | ق | ن | ا |
| اعداد | 1 | 30 | 40 | 90 | 200 | 20 | 5 | 10 | 70 | 9 | 60 | 8 | 100 | 50 | 1 |
| اعداد بلحاظ ضرب | 600 | 30 | 1200 | 300 | 200 | 1200 | 40 | 10 | 1000 | 1800 | 60 | 3200 | 500 | 300 | 200 |
| حروف بلحاظ ضرب | خ | ل | ر | ص | | | | | | | | | | | |

## شرف زحل کا موقع 30 سال بعد دوبارہ آئے گا۔ اِس سعد وقت کو ضائع نہ کریں

ضرب سے جو عدد ملے گا اس سے پہلے طریقہ کے مطابق ہی حروف بنانے میں اور باقی تمام عمل مندرجہ بالا طریقہ کے مکمل کیا جائے گا۔

☆☆☆☆


# طلسمات زحل

سطور ذیل میں آپ کا تعارف قدیم ترین زحلی نقوش سے کروایا جا رہا ہے۔ یہ عملیاتی دنیا کے قدیم ترین طلاسم ہیں۔ اِن عبرانی طلاسم کو حضرت سلیمانؑ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ تاریخ کے اوراق میں اس حوالے سے کیا تحریر ہے۔ یہاں اس بحث کی ضرورت نہیں، ہاں اِن کی قدامت مسلمہ امر ہے۔ جس میں کوئی اختلاف نہیں۔ یہ زحلی طلسمات بلحاظ تعداد سات ہیں اور ہر طلسم الگ الگ کاموں اور معاملات کے لیے موثر خیال کیا جاتا ہے۔ سو سطور ذیل میں ہر ایک کو بالترتیب بیان کیا جا رہا ہے۔

# ہفت سلیمانی طلسمات


زحل کے تمام طلسم کو عموماً مثبت نوعیت کا خیال کیا جاتا ہے اور اِن کو تیار

### طلسم نمبر-01




مندرجہ بالا طلسم روحوں اور غیر مرئی مخلوقات اور اثرات پر غلبہ کے لیے موثر مانا جاتا ہے۔ اس کے بارے میں مانا جاتا ہے کہ تمام تر روحی قوتیں اس طلسم کے آگے سرنگوں ہو جاتی ہیں اور جس کے پاس یہ طلسم ہوتا ہے وہ اِن پر اقتدار اور غلبہ حاصل کرتا ہے۔ یہ دراصل طاقت اور قوت کا سرچشمہ مانا گیا ہے اور اس سے دشمنوں پر غلبہ اور ان کی کمزوری بھی اس لوح کے تحت آتی ہے۔ دراصل اس کو آپ لوح تسخیر و غلبہ کہہ سکتے ہیں جس کا اثر انسانوں اور تمام جناتی مخلوقات پر ہے۔

## طلسم نمبر-02



اس طلسم کو دوہری طاقت والی خیال کیا جاتا ہے۔ یہ طلسم تمام قسم کے مصائب کے خاتمے اور تمام ارواح، بے قابو مخلوقات بمعہ انسانوں کو زیرنگین کرنے کے لیے موثر مانا جاتا ہے۔ غلبہ اور طاقت اس کا نمایاں حکم ہے۔

## طلسم نمبر-03




اس طلسم کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اس کو حصار کے اندر تیار کرنا چاہیے۔ یہ طلسم موکلات کو حاضر کرنے کے لیے موثر ہے۔ حاضری وغیرہ کے شائقین اس سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

## طلسم نمبر-04



یہ طلسم جو کہ بلحاظ ترتیب چوتھے نمبر پر آتا ہے غیب کی خبریں حاصل کرنے اور اُن موکلات اور طاقتوں پر غلبے کے لیے استعمال ہوتا ہے جو غیبی راہنمائی کر سکتی ہیں۔ اس کو ہر قسم کی تباہی، بربادی اور خاتمے کے لیے موثر مانا گیا ہے۔ یعنی مخالفین پر غلبہ اور اِن کو تباہ و برباد کرنے اور خراب کرنے کے لیے اس طلسم سے مدد لی جا سکتی ہے۔


## طلسم نمبر-05



یہ طلسم زحل کے اثرات سے تحفظ کے لیے موثر ہے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو زحل سے متعلق کاموں یا اس سے منسوب ارواح وغیرہ کو بلانے کا کام کرتے ہیں کے تحفظ کے لیے موثر ہے۔ اس طلسم کی یہ خاصیت ہے کہ یہ

زحل سے منسوب فرشتوں اور موکلات کے حوالے سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ اُن روحوں اور مخلوقات کو بھگانے کے لیے بھی موثر ہے جو خزانوں کے تحفظ پر مامور ہوتی ہیں اور خزانے کی دریافت میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں۔

## طلسم نمبر-06



یہ طلسم عجب نوعیت کا ہے۔ اس کو زحل سے منسوب ارواح اور طلسماتی قوتوں کو بلانے یا ان کی مدد سے کام کرنے کے لیے موثر خیال کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اگر کسی فرد پر اِن قوتوں کو مسلط کرنا ہو تو پھر یہ طلسم کام میں لایا جاتا ہے اور فرد کو اس کے زیر بار کیا جاتا ہے۔ اس کے بارے مانا جاتا ہے کہ شیطانی زحلی قوتیں اس کے ساتھ ساتھ ہوتی ہیں۔

یہ طلسم مثبت مقاصد کے لیے موثر نہیں بلکہ اُس کے استعمال کچھ منفی قسم کے ہیں۔ اس طلسم کو تباہی بربادی لانے کے لیے موثر مانا گیا ہے۔ بلکہ اس کی قوت اس قدر موثر مانی گئی ہے کہ ملکوں اور علاقوں کو تباہ برباد کرنے اور زلزلہ اور قدرتی آفات سے ختم کرنے کے حوالے سے طاقت والا مانا گیا ہے۔ دریاؤں اور پہاڑوں کو اپنے جگہ سے ہلا دینے والا، ایک خوفناک طلسم۔

**متفرق مسائل اور پریشانیوں کے خاتمے کے لیے شرف زحل کے وقت سے فائدہ اٹھائیں۔**

**اگر آپ مختلف نقوش وطلاسم کی خصوصیات کی روشنی میں ایک سے زیادہ نقوش وطلاسم حاصل کرنا چاہئیں تو ایسا کر سکتے ہیں۔ کسی وضاحت کی ضرورت ہو تو ادارہ راہنمائے عملیات سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**


## طلسم نمبر-07




یہ طلسم طاقت واختیار کے ساتھ منسوب ہے۔ وہ تمام لوگ جو غیر معمولی طاقت کا حصول چاہتے اور دنیا کو فتح کرنے کا عظم رکھتے ہیں اِن کے لیے اس طلسم کا حصول ضروری ہے۔

☆☆☆☆


# طلسم سلیمان خاص




مندرجہ بالا طلسم اُن تمام طلسمات میں انفرادی حیثیت کا حامل ہے جو حضرت سلیمانؑ سے منسوب کیے جاتے ہیں۔ دراصل ساتوں کوکب سے منسوب متفرق ہمیں حضرت سلیمان کے حوالے سے ملتے ہیں۔ تاہم یہ طلسم اس حوالے سے اہم ترین ہے کہ یہ تمام طلاسم کا سرچشمہ اور تمام تر طلسماتی اور روحانی قوتوں کا مرکز ہے۔ مختصر طور پر اس کو ہر مقصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے اور اس کو تمام طاقتوں کا خزانہ مانا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

# 2500 ق م قدیم طلسم




مندرجہ بالا طلسم کے بارے میں تحقیق ہے کہ یہ کم و بیش 2500 قبل از مسیح زمانے کا ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے ڈھائی ہزار سال پہلے یہ طلسم استعمال ہوتا تھا۔ یہ طلسم جیسا کہ شکل سے نظر آرہا ہے، تین حصوں پر مشتمل ہے۔ اس طلسم کے حامل کے بارے میں مانا جاتا ہے کہ وہ زحل کی خصوصیات اور قوتوں کا مرکز ہوتا ہے۔ وہ تمام خصوصیات اور منسوبات جو زحل کے ہیں یہ طلسم اِن کو فرد کے لیے مفید اور فائدہ مند بناتا ہے۔ زحل کی خصوصیات کا عمومی بیان پچھلے صفحات میں آچکا ہے سو اس کو دوبارہ بیان کرنا صفحات کے ضیائع کے مترادف ہے۔ اگر ضرورت محسوس کریں تو پچھلے صفحات اس حوالے سے دوبارہ دیکھ لیں۔

☆☆☆☆



گو کوشش اس بات کی گئی ہے کہ نقوش وغیرہ میں کوئی غلطی نہ رہ جائے لیکن کئی انسانی ہاتھوں سے یہ صفحات مختلف حالتوں میں سے گزرنے کے بعد آپ تک پہنچے ہیں۔ سو کسی بھی نقش کو استعمال کرنے سے قبل اس کو خود بھی دیکھ لیں کہ کوئی کمی بیشی تو نہیں رہ گئی۔ گو ہمیں عمومی طور پر یقین ہے کہ دیئے گئے نقوش اللہ کے فضل سے درست ہیں۔

# طلسمی لاکٹ (ڈبل سائیڈ)



زحل کے سعد اثرات کے ساتھ ساتھ یہ خصوصی طور پر صحت سے متعلق مسائل کے حل کے لیے بھی موثر ہے۔ دشمنوں سے حفاظت، زندگی کو پیش خطرات، زہر، خفیہ سازش، سحر و جادو اور جن بھوت وغیرہ کے اثرات سے تحفظ کے لیے بھی موثر ہے۔ زحل کی دیگر خصوصیات تو بہرحال اس کا حصہ ہیں تاہم جو اس کی خاص چند اضافی خواص تھے بیان کر دیئے گئے ہیں۔

☆☆☆☆

# عددی طلاسم


اعداد کے حوالے سے دو عددی طلسم دیئے جا رہے ہیں جو زحل سے منسوب ہیں۔

| عددی طلسم (اول) | | |
|---|---|---|
| ١٦ | ٩ | ١٤ |
| ١١ | ١٣ | ١٥ |
| ١٢ | ١٧ | ١٠ |

| عددی طلسم (دوم) | | |
|---|---|---|
| ١٤ | ٧ | ١٢ |
| ٩ | ١١ | ١٣ |
| ١٠ | ١٥ | ٨ |

☆☆☆☆

# انگوٹھی نیلم



نیلم کا پتھر زحل سے منسوب ہے سو شرف زحل کے موقع پر اگر نیلم کو لے کر انگوٹھی میں جڑوا دیا جائے گا تو یہ بھی اپنے اثرات کے حوالے سے ایک زیادہ موثر اور فائدہ مند انگوٹھی کی تخلیل کا باعث ہوگا۔ وہ جو زیادہ قیمتی انگوٹھی نہ بنوا سکیں وہ ایک نگ یعنی پتھر والی انگوٹھی بنوالیں تاہم جو خرچ کر سکتے ہیں تین نگ یعنی پتھر ایک لائن میں انگوٹھی میں جڑوالیں۔ دیکھنے میں بھی خوبصورت ہوگی اور اثرات کے حوالے سے بھی زیادہ قوی اور مثبت قوت کی حامل ہوگا۔ پتھر کا کم از کم وزن تین کیرٹ ہونا چاہیے۔ ادارے سے بھی آپ یہ انگوٹھیاں طلب کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆

# انگوٹھی زحل

وہ جو شرف زحل سے فائدہ اٹھا کر انگوٹھی تیار کرنا یا کروانا چاہئیں وہ درج ذیل نقش کو اپنی انگوٹھی پر کندہ کروالیں۔ انشاء اللہ اچھے نتائج کا حصول ہو گا۔

| نقش انگوٹھی | | |
|---|---|---|
| ٣٦٠ | ٣٦١ | ٣٥٦ |
| ٣٥٥ | ٣٥٩ | ٣٦٣ |
| ٣٦٢ | ٣٥٧ | ٣٥٨ |

تکمیل مضمون کے ساتھ ہماری دعا ہے کہ اللہ ہم سب کے معاملات میں آسانی پیدا فرمائے اور ہماری تمام جائز حاجات کو پورا فرمائے اور دعا مانگنے میں جو کوتاہی ہوتی ہے اس سے درگزر فرمائے آمین

**مضمون مکمل ہوا**

سید شعیب الرحمٰن شاہ

# جفری عملیات

## شرف زحل

اس مرتبہ شرف زحل 12 اکتوبر 2011 تا 20 اکتوبر 2011 کو زحل برج میزان کے 21 درجے پر ہوگا۔ اس میں شمس زحل قران بھی ہوگا۔

شمس زحل قران 15 اکتوبر تک رہے گا۔ 15 اکتوبر کی صبح 6 بجے تک ہوگا۔ اس کے بعد آپ لوح شرف زحل بنا سکتے ہیں۔ بخور میں صندل، لوبان، عود کی لکڑی، زعفران روشن کریں۔ شرف زحل میں تسخیر سلطنت، رجوع خلق، ترقی مرتبہ، بے انداز دولت کا پیدا کرنا۔ کرنا کچھ ہو اور ہوتا کچھ ہو اور استحکام کے لیے الواح تیار کی جاتی ہیں۔

عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

**ولقد مکنکم فی الارض و جعلنا لکم فیھا معایش**

اعداد شمسی.............................13509

مقصد فتح و جمعیت آیت نصر من اللہ و فتح قریب

اعداد شمسی.............................6282

طالب شعیب الرحمٰن اعداد شمسی.........2950

کل اعداد..............................22741

تفریق.................................7800

باقی..................................14941

تقسیم.................................4


باقی..................................1

تو خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ اب خانہ نمبر 1 سے 16 تک 260 کا اضافہ کرنا ہے۔ اور ساتھ میں یا ملک القدوس کا ورد بھی کرنا ہے۔ یعنی خانہ نمبر 1 سے لکھ کر 260 مرتبہ یا ملک القدوس کا ورد کرنا ہے۔ اس طریقہ سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ یہ لوح ترقی رزق، فتوحات کے لیے ہے۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

الله ۷۸٦ الله

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۷ | ۱۰ | ۱۳ |
| ۱۴ | ۹ | ۸ | ۳ |
| ۵ | ۲ | ۱۵ | ۱۲ |
| ۱۱ | ۱٦ | ۱ | ٦ |

لہ ھو







## شرف زحل میں لوح تحفظ، تحفظ سحر جادو

آج کل کے دور میں دہشت گردی عام ہے۔ کسی وقت کچھ بھی ہو سکتا

ہے۔

تحفظ سحر جادو، نظر بد، جنات، آسیب، پری، بھوت، چڑیل، تحفظ دشمنان، تحفظ تیغ بندی کے لیے یہ ایک عمل خاص لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ بہت پُر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے۔ یہ شرف دوبارہ 2041 میں آئے گا۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ ال عمران

اعداد قمری.....................184956

طالب شعیب الرحمٰن................712

مقصد تحفظ اسم اعظم یا حفیظ

اعداد..............................998

کل...............................186666

تفریق.............................3870

باقی..............................182796

تقسیم.................................4

حاصل تقسیم.......................45699

کو خانہ نمبر 1 سے 16 تک ہر خانہ میں 129 کا اضافہ کرنا ہے۔ اور ساتھ میں اسم اعظم یا لطیف کا ورد کرنا ہے۔


اس طرح میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

اللہ پاک برکت عطا فرمائے اس کے بعد اسم اعظم مخفی یا حی یا قیوم چلتے پھرتے ورد کریں۔

اللہ ۷۸۶ اللہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

ھو لہ




## (۹) کامیابی اور تسخیر خلق

شرف زحل میں عمل تسخیر خلق، رجوع خلق، تسخیر سلطنت، الیکشن میں کامیابی، کاروباری حضرات کے لیے ایک عمل لکھتا ہوں۔

عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

عمل استغفار سادہ اعداد.....................15908

مقصد تسخیر خلق...............................2000

طالب شعیب الرحمٰن.............................712

کل اعداد.......................................18620

تفریق...........................................10530

باقی..............................................8090

تقسیم..............................................4

باقی.................................................2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ۔

حاصل تقسیم.....................................2022


خانہ نمبر 1 سے 16 تک ہر خانہ میں 351 کا اضافہ آتا ہے۔ اور ساتھ ہی اسم اعظم یا رافع کا ورد کرنا ہے۔ اس طرح سے میزان چاروں اطراف سے درست آئے گی۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک برکت عطا فرمائے۔

الله ٧٨٦ الله

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١٤ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ |

الله الله



# اوج مریخ

اوج مریخ اس سال 19 اکتوبر رات 9:46 منٹ سے 21 اکتوبر شام 4:45 منٹ تک رہے گا۔ اوج مریخ میں ایک عمل طلسمی چراغ لکھتا ہوں۔ ترقی، فتوحات، ترقی مرتبہ کے لیے پُرتاثیر ہے۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

**قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب.**

اعداد شمسی باموکل.................846524

مقصد ترقی۔ یاالہ الالھۃ الرفیع جلالہ

اعداد شمسی.................8014

طالب شعیب الرحمٰن.................2950

کل اعداد.................857488

تفریق.................420

باقی.................857068

تقسیم.................4

214267 کو خانہ نمبر 1 میں رکھ کر ہر خانہ میں 14 کا اضافہ کریں۔ ساتھ میں ''یاوھاب'' اسم اعظم کا ورد بھی کرنا ہے۔ یہ چراغ خالص سونے کا یا خالص تانبے کا یا خالص پیتل کا تیار کریں۔

یہ نقش چراغ میں لکھیں۔ علم الجفر کے اس معجزے کو ضرور آزمائیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک برکت دے۔

| ١٢٢ | ١٢١ | ١٢٠ ٧٨٦ | ١١٠ ١١١ | ١١٢ | ١١٣ |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢٣ | ٨ | ١١ | ١٤ | ١ | ١١٤ |
| ١٢٤ | ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ | ١١٥ |
| ١٢٥ | ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ | ١١٦ |
| ١٢٦ | ١٠ | ٥ | ٤ | ١٥ | ١١٧ |
| ١٢٧ | | | | | ١١٨ |
| ١٢٨ ١٢٩ | ١٣٠ | ١٣١ | ١٣٢ ١٣٣ | ١٣٤ | ١١٩ |

# اوج عطارد

اس سال 16 اکتوبر 2011 اوج عطارد سحر کے ٹائم 4:44 منٹ سے 16 اکتوبر رات 8:08 منٹ تک رہے گا۔

یہ وقت شرف زحل کے دوران آیا ہے۔ کامیابی امتحانات، دفع نحوست سیارگان کے لیے ایک جفری عمل کے ساتھ حاضر ہوں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

سورۃ توبہ اعداد قمری ملفوظی.................9901944

طالب شعیب الرحمٰن۔ اعداد.................712

کل اعداد.................9902656

تفریق.................6390

باقی.................9896266

تقسیم.................4

باقی صفحہ نمبر 46 پر.......

# شرفِ زحل

لعل بخش قلندری

## 29سال بعد نحس ترین ستارہ کا سعد ترین وقت

### اپنی بدقسمتی کو خوش قسمتی میں بدلنے، مشکلات، مصائب، پریشانیوں اور رکاوٹوں سے نجات کا سنہری موقعہ۔

فرمان خداوندی ہے:-

**بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وسخرلکم اللیل والنھار والشمس والقمرط والنجوم مسخرات بامرہ ط ان فی ذلک لایت لقوم یعقلون** (سورۃ النحل) (آیت نمبر 12)

**ترجمہ: اور ہم نے تمہارے لیے رات اور دن، سورج اور چاند اور جملہ کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے۔ درحقیقت عقل مند لوگوں کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔**

موجودہ سائنس کے دور میں یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ ستاروں کے اثرات سے اہل عالم اور خود عالم موجودات اپنی اپنی حالت اور نوعیت پر متاثر ہوتے ہیں۔ زمانے کے انقلابات، سمندر کے مد و جزر، نباتات کی روئیدگی، موسموں کی تبدیلیاں، طوفان باد باراں تغیرات زمانہ، جنگ و امن، انسان و حیوان کا تغیر مزاجی وغیرہ سب امورات و نظام عالم کواکب کے سعد و ہبوط پر منحصر ہیں۔

علم نجوم غیب کا علم نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک حساب ہے جس پر کائنات کی تقویم خود پروردگار عالم نے تیار کی ہے۔ اس حساب سے ہم آئندہ سے خبردار ہو کر اچھے وقتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں اور نحس اور ناموافق حالات کے لیے صحیح تدابیر اختیار کر کے بہتر طور پر زندگی گزار سکتے ہیں۔

ستارہ زحل نظام شمسی کا دوسرا بڑا سیارہ ہے۔ یہ سورج کے گرد 29 سال میں ایک گردش پوری کرتا ہے۔ اس کے گرد کچھ حلقے ہیں اور اس کے 9 چاند ہیں۔ زحل رکاوٹ، دیری، پابندی اور خوف لانے والا سیارہ ہے۔ زحل ہر شخص کے بارہویں، پہلے اور دوسرے گھر میں آ کر 1/2-7 (ساڑھے سات) سال کا ناقص دور دیتا ہے۔ یعنی طالع میں آنے سے اڑھائی سال پہلے ہی اس کی نحوست شروع ہو جاتی ہے۔ ہندو اس عرصہ کو ساڑھ ستی کہتے ہیں۔

زندگی میں زحل کی نحوست کا یہ دور عموماً تین یا چار بار آتا ہے۔

(i) پہلی بار اس کے دور میں نامعلوم سا خوف و فکر رہتا ہے۔

(ii) دوسرے دور میں مصیبت زدہ حالات گزرے کے بعد اہم تبدیلیاں ہو جاتی ہیں۔

(iii) تیسری بار اس کا دور آئے تو زندگی کے وجود کو ہی خطرے میں ڈال دیتا ہے۔

(iv) چوتھی بار اس کے دور کو کوئی طویل عمر والا ہی پا سکتا ہے۔ چوتھا دور تقریباً کم نقصان دیتا ہے۔

پیدائش کے وقت جس گھر میں قمر ہو اس سے چوتھے یا آٹھویں میں زحل آ جائے تو اس کو زحل کی نحوست کا اڑھائی برس کا دور آ گھیرتا ہے۔ ہندو اس عرصہ کو اڈھیا کہتے ہیں۔ اس عرصے میں خوف، جھوٹی تہمت، نزدیکی رشتہ داروں سے بگاڑ، اولاد کا فکر اور جسمانی تکالیف کا ڈر رہتا ہے۔

## زحل کا اثر مختلف بروج پر

حمل، سرطان، اسد، عقرب والوں پر زحل کا اثر اکثر ناقص ہوتا ہے۔

جوزا، سنبلہ، قوس، جدی والوں پر درمیانہ، یعنی کبھی اچھا کبھی بُرا۔

دلو، حوت، ثور اور میزان والوں کو سلسلہ وار مفید اور سعد اثرات دیتا ہے۔

## زحل کے اثرات

(i) زحل کی نحوست سے کام بن بن کر بگڑتے رہتے ہیں۔ کام بڑی

مشکل اور دیر سے مکمل ہوتے ہیں۔

(ii) کاموں کو بنانے کے تمام ذرائع مکمل ہوں اور یہ اُمید ہو کہ اب کام ہونے والا ہے تو آخر میں آ کر یک دم اُمید ختم ہو جاتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے جادو کر دیا ہے۔

(iii) پابندیوں، رکاوٹوں، نا سمجھ آنے والی بیماریوں، پریشانیوں اور مخالفتوں سے قدم قدم پر واسطہ پڑتا ہے۔

زحل کو شرف برج میزان کے 21 درجہ پر ہوتا ہے اور ہر شرف میں 29 سال کا طویل عرصہ ہوتا ہے۔ اس لیے یہ وقت دوبارہ قسمت والے کو ہی ہاتھ آتا ہے۔ اب کے بار شرف زحل کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

1- 21-09-1981 کو زحل تحویل در برج میزان ہوا تھا۔

2- اب 20-10-2009 کو زحل برج میزان میں تحویل ہو گیا جو کہ قریباً 29 سال اور 8 دن کے لگ بھگ عرصہ بنتا ہے۔

3- ہر برج کے مساوی طور پر 30 درجات ہوتے ہیں۔ 30 درجے x 12 برج-360 درجے۔

4- 29-10-2009 کو رات 10 بج کر 10 منٹ پر زحل برج میزان میں صفر درجہ پر اور 2 زاویہ پر تھا۔

5- 14-01-2010 سے زحل پہلی بار برج میزان میں رجعت پذیر ہوا۔

6- 04-06-2010 کو برج سنبلہ کے 27 درجات پر مستقیم ہو گیا اور مستقیم ہو کر ایک بار پھر 21-07-2010 کو تحویل در برج میزان ہو گیا۔ 25-11-2010 کو 15 درجہ پر داخل ہوا اور 06-12-2010 تک پندرہ درجات پر رہا۔

7- 28-01-2011 کو رجعت کر کے پھر 15 درجہ پر بحالت رجعت 20-03-2011 کو داخل ہوا۔ الٹی چال پر اور 15 درجہ پر 03-04-2011 تک رجعت کی حالت میں رہا۔ 12-06-2011 کو مستقیم ہو کر سیدھی چال پر آ گیا۔ 21-08-2011 کو دوسری بار مستقیم حالت میں 15 درجہ پر داخل ہوا۔ جہاں پر یہ 30-08-2011 تک مستقیم حالت پر رہا۔

8- 12-10-2011 کو 21 درجہ پر داخل ہو گا اور تقریباً 30 سال بعد پہلا شرف زحل ملے گا۔ جو کہ 20-10-2011 تک رہے گا۔ اس دوران حالت شرف میں شمس سے بھی قران کرے گا اور برج اسد میں مریخ کے ساتھ اوج کی کیفیت میں نظر تسدیس بھی بنائے گا۔

9- 11-02-2012 کو زحل 28-29 درجات پر رجعت کی کیفیات سے دوچار ہو کر الٹی چال پر چلا جائے گا اور 07-10-2012 کو زحل برج میزان میں قریباً 2 سال 11 ماہ اور 23 دن کے قریب عرصہ گزار کر شرفات بکھیرتا ہوا رخصت ہو جائے گا۔ جس کے بعد شرف زحل پھر 29 سال کے بعد آئے گا۔

10- شرف زحل انشاء اللہ 12-10-2011 کو دوپہر 02 بجکر 04 منٹ سے شروع ہو گا اور اس کا اختتام 20-10-2011 کو شام 06 بجکر 43 منٹ پر ہو گا۔

شرف زحل کے موقعہ پر جماعت کی دشمنی یا دو شخصوں کی دشمنی کو محبت میں بدلنے کے لیے، زمین، نکاح، ملازمت جانے کا خطرہ ہو تو اس کو روک دینے کے لیے، جائداد جس کی قسمت میں نہ ہو اس کو صاحب جائیداد بنا دینے کے لیے، قوم پر سرفرازی پانے کے لیے، دشمنوں پر فتح پانے کے لیے، خلقت میں نامور پانے کے لیے اور نا قابل شکست ہستی بننے کے لیے الواح تیار کی جاتی ہیں۔

زحل کی متعلقہ دھات سکہ (سیسہ) ہے۔ شرف زحل کے موقعہ پر طلسم زحل، خاتم زحل اور لوح زحل بنوا کر پاس رکھنا بہت بہت فائدہ مند ہو گا۔

زحل کے ناقص اثرات کو دور کرنے کے لیے:-

(i) توفیق ہو تو نیلم کا نگینہ انگشتری میں لگوا کر پہنیں۔

(ii) اپنے پیدا ہونے کے دن کے بعد ہفتہ کے روز اور اس کے بعد ہر ماہ کسی بھی ہفتہ کے دن زحل کا صدقہ دیا کریں۔ زحل کے صدقات میں کالے ماش، کالے چنے، کالے تل، سورج مکھی کے بیج، لوہے کا برتن، کالا کپڑا، تیل میں پکا ہوا کھانا، کسی محتاج فقیر کو دیا کریں، یا تیل لے کر پانی میں ملا کر پیپل کے پودے کو روزانہ تیل ملا پانی دیا کریں۔ ان اشیاء میں سے کوئی ایک چیز دینی چاہیے۔ کبھی کچھ کبھی کچھ، اس سے بھی زحل کے نحس اثرات سے تحفظ ملتا ہے۔

(iii) تیسرا اور سب سے بہتر طریقہ اور زحل کے نحس اثرات کا مستقل توڑ زحل کا طلسم، زحل کا خاتم اور زحل کی لوح (لوح استحکام) یا نقش بنوا کر پاس رکھنا ہے۔ نقش گلے میں پہننے کے بعد کوئی ایک چیز صدقہ دیا کریں۔

**خاتم زحل**

**یا فتاح یا رازق**


| طلسم زحل | | |
| --- | --- | --- |
| ابولوح<br>طلع | کسفیائیل<br>مظلم | میمون سیاف الصحابی<br>سمعاوہ |

# لوح شرف زحل

محمد اسد اللہ سلیمانی

ستارہ زحل جب برج میزان کے 21 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ زحل دو برجوں کا مالک ہے ایک برج جدی جو منفی اور خاکی ہے اور دوسرا برج دلو جو بادی مثبت ہے۔ یہ ایک دن میں آٹھ دقیقہ رفتار سے چلتا ہے اور ایک برج کو اڑھائی سال میں اور بارہ برجوں کا دورہ تقریباً 30 سال میں طے کرتا ہے۔ یہ نظام شمسی کا ساتواں ستارہ ہے۔ منجم اس کو پاسبان فلک بھی کہتے ہیں اور معلم بھی مانا گیا ہے۔ یعنی سبق سکھانے والا۔ اسے نحس اکبر بھی کہتے ہیں اور عدد 8 کا مالک ہے۔ زحل مرد، مخنث، نحس اکبر، رنگ سیاہ، مزاج سرد خشک بادی منقلب ہے۔ قد دراز، رنگ سیاہ، نام کم عقل اور ایسے لوگوں سے نسبت رکھتا ہے جو مرض رنج و غم میں مبتلا رہتے ہیں۔ اگر یہ کسی کے زائچے میں نیک حالت میں ہو تو انصاف، ثابت قدمی، عروج اختیارات منصب و مرتبہ دیتا ہے اور محنت و کوشش کے بعد اعلیٰ مقام پر فائز کرتا ہے۔ اگر یہ نحس حالت میں ہو تو مصائب و نحوست کا ایسا دور لاتا ہے کہ مالی و جسمانی حالت ناگفتہ ہو جاتی ہے اور یہ زندہ درگور کر دیتا ہے۔ قرضوں اور سخت پریشانیوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ غموں اور دکھوں کا انبار انسان پر لاد دیتا ہے۔ اس کائنات میں ہر شخص کی زندگی میں ایک یا دو دفعہ یہ منحوس ترین ساڑھ ستی کا شکار ہوتا ہے۔ بعض دفعہ اڑھائی سالہ نحوست کا بھی شکار ہوتا ہے۔ سیاست پر حاکم ہوتے ہیں تخت پر بیٹھا بھی دیتا ہے اور الٹا تختے پر لٹکاتا بھی ہے۔

قارئین اس سال 12 اکتوبر سے لے کر 20 اکتوبر 2011 تک شرف زحل ہوگا۔ خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس مبارک و سعد ترین موقع پر ستارہ زحل کے شرف سے فائدہ اٹھائے گا۔ کیونکہ کسی نصیب والے شخص کی زندگی میں دو دفعہ ستارہ زحل کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس لیے سمجھ دار لوگ ایسے خاص اوقاتوں کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے ہیں۔ کیونکہ بار بار ستارہ زحل کا شرف ہوتا نہیں ہے بلکہ 29 سال کے بعد شرف کی حالت میں آتا ہے۔ اس وقت کو ضائع کرنا اپنی قسمت کو لات مارنے کے برابر ہے۔ اس لیے انشاء اللہ میرے سمیت تمام عاملین و جفار حضرات وغیرہ الواح شرف زحل تیار کریں گے۔ آپ بھی ضرور کریں، ورنہ پچھتاوے کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ لوح شرف زحل کو پورے لوازمات کے ساتھ تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ کیونکہ درست لوح ہی فائدہ دے گی۔ لوح مبارکہ یہ ہے۔



محمد عمران رضا

# تسخیر زحل کا عمل

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات ! اسلام وعلیکم کے بعد عرض ہے اس بار شرف زحل میں تسخیر زحل کا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں۔

## تسخیر زحل کا عمل

تسخیر زحل کے لیے چھتیس (36) یوم کی خلوت اختیار کرنا ہوگی۔ زحل کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہے اس لیے خلوت خانہ کا رنگ مصلا اور لباس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہو۔

## تسخیر زحل کے لیے بخور جو مطلوب ہوگا وہ یہ ہے۔

عود۔ لوبان۔ رال قرنفل۔


شرف زحل میں عمل شروع کریں پہلے طلسم زحل لکھ کر کمرے کی چاروں دیواروں پر لگائیں اور یہ وظیفہ ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔

یا رب

ہر روز دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ خلوص نیت سے پڑھیں اور پڑھنے میں محویت کے مطابق ظہور ہوگا۔ زحل برنگ سیاہ سنہرے رنگ کا جس کے چار ہاتھ ہوں گے بہت خوبصورت با ہیبت ظاہر ہوگا۔ اگر قوی ہو تو اس کا عمل کرے ورنہ نہ کرے۔ بعد عمل ختم اس سے ہم کلام ہو اور وقت ضرورت حاضر ہونے کا عہد کریں۔

طلسم زحل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط یا کریم یا علیم یا حامد یا حمید یا محمود یا دانا یا بینا یا حیی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام ص||||||۱۱۲۹۳۳۲۱۱||||۱۱




پروفیسر محمد افضل چشتی

# الواح شرف زحل


شرف زحل 29 سال بعد ہو رہا ہے۔ قارئین 12 اکتوبر 2011 سے دوپہر 2 بجکر 4 منٹ 20 اکتوبر 2011، 6 بج کر 43 منٹ شام تک اس شرف سے روحانی فیض حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## لوح شرف زحل




اس لوح کو سیسہ، ہرن، بکری کی کھال یا کاغذ پر تحریر کر کے گھر اور دوکان پر فریم کر کے لگائیں یا بازو پر باندھیں۔

## برائے عزت




اگر کوئی شخص معاشرے میں عزت و شہرت کا خواہاں ہو تو اس لوح کو دھات سیسہ پر تحریر کر کے پاس رکھیں۔

## برائے دفع نحوست زحل

درج ذیل دعا کو زحل کی نحوست کے خاتمے کے واسطے اگربتی اور گوگل اور دھوپ کی دھونی دیتے ہوئے پڑھیں۔ یہ دعا حضرت موسیٰ کی والدہ کے حوالے سے ہے۔ زحل کے شرف میں ایک سو گیارہ بار پڑھ کر چالیس یوم تک ورد کریں۔ بعد میں گیارہ بار روزانہ ورد کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللھم بحق یو کبدھہ ام موسی بسم اللہ الرحمین الرحیم. اللھم انتی اسلک باسمانک ھو اللہ الرحمن الرحیم. الملک القدوس رب زدنی علما و رزقا و عزۃ بحق محمد و آل محمد برحمتک یا ارحم الرحمین العجل الساعة الوحا. کسی قسم کی نحوست گردش و بندش بھی قریب نہ آئے گی۔ فتوحات کے در کھول جائیں گے۔

مخدوم پیر محمد مٹھا شاہ

# عملیات شرفِ زحل

شرف زحل 12 اکتوبر 2011 سے 2 بجکر 4 منٹ دوپہر 20 اکتوبر 2011 6 بجکر 43 منٹ شام تک رہے گا۔

## لوح خوش قسمتی

جو لوگ عزت و شہرت کے حوالے سے پریشان رہتے ہوں، معاشرے کی بے حسی اور ستم ظریفی نے اُن کی زندگی اجیرن کردی ہو وہ دھات سیسہ یا ہرن کی جھلی پر تحریر کرکے گوگل اور عود کی دھونی دے کر استعمال کریں، ٹوپی یا پگڑی میں رکھیں یا گلے میں پہنیں۔ اِس لوح کا صدقہ ہے گلاب کے پھول نیلم اور دال ماش جو دوران شرف ہی ادا کرنا ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٦ | ٧ | ١٢ |
| ٩ | ١١ | ١٣ |
| ١٠ | ١٥ | ٨ |

## لوح تحفظاتِ زحل

یہ لوح دشمنوں سے حفاظت، جن و انسان کے شر، نظر بد، سحر، بیماری، ہر قسم کی آفات و بلایات سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ سیسہ دھات یا کاغذ پر مشک زعفران سے تحریر کرکے استعمال کریں۔

| بسم الله الرحمن الرحيم | الٓمٓ | المٓصٓ | الرا |
|---|---|---|---|
| الٓمٓرٰ | کھیعص | طه | طسم |
| طس | یٰسٓ | صٓ | حٰمٓ |
| حمعسق | قٓ | ج | مقصد اور نام |

## برائے رزق، عزت

اس لوح کو شرف زحل کے مقررہ ٹائم میں برائے عزت و رزق کاغذ سیسہ یا بکری کے چمڑے پر تحریر کرکے رزق و عزت کے لیے پاس رکھیں جن لوگوں کے پیدائشی زائچہ میں زحل نحس پڑ گیا ہو، رزق و عزت کے حوالے سے طرح طرح کی رکاوٹیں آرہی ہوں یا زحل کی ساڑھ ستی سے گزر رہے ہوں یہ لوح سیسہ پر کندہ کریں یا بامر مجبوری کاغذ یا بکری کے چمڑے پر تحریر کرکے دکان پر لگائیں، بٹوے یا گلے میں رکھیں یا بازو پر باندھیں دوران عمل گوگل، ران، عود اور دھوپ کی دھونی دیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ء | ٤١١ | ١٣ | ١ |
| ١٣ | ٩٣ | ٧ | ء |
| ١٣ | | م | ء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٥ | ع | ی | عم |

## جفری عملیات

حاصل تقسیم.............................2474066

باقی.............................................2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ۔ حاصل تقسیم کو خانہ نمبر 1 سے 16 تک ہر خانہ میں 213 کا اضافہ کریں۔ ساتھ میں اسم اعظم یا باری کا ورد بھی کرنا ہے۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے۔ اسے ضرور آزمائیں۔ یہ لوح اسپیشل عمل ہے۔ اگر خود تیار نہ کرسکے تو ادارہ سے رابطہ کریں۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔

الله ۷۸٦ لله

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١ | ١٤ | ١١ | ٨ |
| ١٢ | ٧ | ٢ | ١٣ |
| ٦ | ٩ | ١٦ | ٣ |
| ١٥ | ٤ | ٥ | ١٠ |

لہ ماشاء الله ھو

